ہر زمانے میں اہل کتاب کی یہ کوشش رہی ہے کہ توریت اور انجیل میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اوصاف کو نکال دیں مگر پھر بھی موجودہ انجیل میں ان اوصاف کا کچھ پتہ مل جاتا ہے۔ جیسے یوحنا کی انجیل باب چودہ کی تیرھویں آیت "جب وہ سچائی کا روح آئے گا تو تم کو سچائی کی راہ دکھلائے گا کیونکہ وہ اپنی طرف سے نہیں کہے گا جو کچھ سنے گا وہی کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا۔ یہ سچ ہے آپ کی ہی شان ہے۔

مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

تم فرماؤ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول

اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۨ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

ہوں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی

وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۠

کو ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں جلاتے اور مارتے

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ

تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول بے پڑھے اور غیب

الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ

بتانے والے پر کہ اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ پارہ ۹ رکوع ۱۰

اور انکی غلامی کرو کہ تم راہ پاؤ۔

حاشیہ ۱ یہ آیت سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالتِ عمومی کی دلیل ہے کہ آپ تمام مخلوق کے رسول ہیں اور کل جہان آپ کی اُمت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ پانچ چیزیں مجھے ایسی عطا ہوئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہ ملیں۔ (۱) ہر نبی خاص قوم کی طرف مبعوث

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ص

تو تم نے انہیں قتل نہ کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے

رَمٰى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ط

پھینکی تھی اور اس لئے کہ مسلمانوں کو اس سے اچھا انعام عطا فرمائے

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ پارہ ۹ رکوع ۱۶

بے شک اللہ سنتا جانتا ہے۔

ص (۱) سے آگے) ہوتا تھا اور میں سُرخ و سیاہ کی طرف مبعوث کیا گیا (۲) میرے لئے مالِ غنیمت حلال کیا گیا مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہ تھا (۳) میرے لئے تمام زمین پاک اور پاک کرنے والی (قابلِ تیمم) اور مسجد بنا دی گئی جس کسی کو کہیں نماز کا وقت آئے وہیں پڑھ لے (۴) دشمن پر ایک ماہ مسافت تک میرا رُعب ڈال کر میری مدد کی گئی (۵) مجھے شفاعت کرنے کا حق دیا گیا۔

حاشیہ ص اس آیت پاک میں اللہ کریم نے اپنے حبیب کے عمل کو اپنا عمل قرار دیا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول

رَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَ

کا حکم مانو اور سن سنا کر

اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝ پارہ ۹ رکوع ۱۷

اس سے نہ پھرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ

اے ایمان والو اللہ اور رسول کے بلانے

وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ

پر حاضر ہو جب رسول تمہیں اس چیز کیلئے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ

اور جان لو کہ اللہ کا حکم آدمی اور اسکے دلی ارادوں میں حائل ہو جاتا ہے

وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ ۲۴

اور یہ کہ تمہیں اس کی طرف اٹھنا ہے

حاشیہ ۱ کیونکہ رسول کا بلانا اللہ تعالیٰ کا ہی بلانا ہے۔ بخاری شریف میں سعید بن معلیٰ سے روایت ہے کہ میں مسجد میں نماز پڑھتا تھا مجھے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول سے دغا نہ کرو

الرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ ۸/۲۷

اور نہ اپنی امانتوں میں دانستہ خیانت

(صد سے آگے) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پکارا۔ میں نے جواب نہ دیا۔ پھر میں نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہو جاؤ۔ دوسری حدیث میں ہے کہ ابی بن کعب نماز پڑھتے تھے حضور نے انہیں پکارا۔ انہوں نے جلدی نماز تمام کر کے سلام عرض کیا۔ حضور نے فرمایا تمہیں جواب دینے سے کیا بات مانع ہوئی۔ عرض کیا حضور میں نماز میں تھا۔ حضور نے فرمایا کیا تم نے قرآنِ پاک میں یہ نہیں پایا کہ اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہو جاؤ۔ عرض کیا بے شک آئندہ ایسا نہ ہوگا۔

حاشیہ ۱ جب یہود بنی قریظہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے محاصرے سے تنگ آ گئے تو اُن کے سردار کعب بن اسد نے اپنے لوگوں کو کہا کہ اس شخص سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرو یہ وہی رسول ہیں جن کا ذکر ہماری کتابوں میں موجود ہے۔ ہمارا مال اولاد سب کچھ محفوظ ہو جائے گا۔ ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرو اور اِسکی صورت یہ ہے کہ اپنی (جاری ہے)

بیویوں اور اولاد کو خود اپنے ہاتھوں ذبح کر کے جنگ میں کود پڑو تاکہ بھاگنے کی فکر نہ رہے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ آپ جناب سیدِ عالم سے صلح کی درخواست کریں۔ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی صلح کی درخواست قبول نہ کی۔ صرف انہیں سعد بن معاذ کے فیصلے کو قبول کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی تو یہود نے کہا کہ آپ ابولبابہ ہارون بن عبدالمنذر انصاری کو ان کے پاس بھیج دیں کیونکہ اُن کے اُن سے تعلقات تھے اور ابولبابہ کے اہل و عیال بھی بنو قریظہ کے پاس تھے۔ آپ نے ابولبابہ کو یہود کے پاس بھیج دیا۔ یہودیوں نے سعد بن معاذ کو ثالث مان لینے کے متعلق اُن سے مشورہ طلب کیا تو ابولبابہ نے اپنی گردن پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کیا کہ یہ تو گردن کٹوانے کی بات ہے۔ ابولبابہ فرماتے ہیں جونہی میں نے یہ بات کی تو مجھے احساس ہوا کہ مجھ سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے خیانت ہو گئی ہے۔ بس سیدھے مسجدِ نبوی آئے اور اپنے آپ کو مسجدِ نبوی کے ایک ستون سے بندھوا دیا اور قسم کھائی کہ جب تک توبہ قبول نہ ہوگی کچھ نہ کھائیں گے۔ ان کی بیوی نماز کے اور قضائے حاجت کے اوقات میں انہیں کھولتی۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ازراہِ شفقت فرمایا میرے پاس آتا تو میں ان کے لئے مغفرت کی دُعا کرتا۔ سات دن بندھے رہے۔ پھر اللہ کریم نے ان کی توبہ قبول کی اور آں جناب صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ستون سے کھولا۔ اس خوشی میں انہوں نے سارا مال خیرات کرنا چاہا۔ آپ نے ایک تہائی مال کی خیرات کی اجازت دے دی۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ

اور اللہ کا کام نہیں کہ انہیں عذاب کرے جب تک اے محبوب تم

فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ

ان میں تشریف فرما ہو اور اللہ انہیں عذاب کرنے والا نہیں جب تک

وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ پارہ ۹ رکوع ۱۸

وہ بخشش مانگ رہے ہیں۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا

اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اور آپس میں جھگڑو نہیں

فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ ۚ وَاصْبِرُوْا ۭ

کہ پھر بزدلی کرو گے اور تمہاری بندھی ہوئی ہوا جاتی رہے گی اور صبر کرو

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ پارہ ۱۰ رکوع ۲

بے شک اللہ صبر والوں کے ساتھ ہے۔

حاشیہ ۱ کیونکہ آپ رحمت اللعلمین بنا کر بھیجے گئے ہیں مفسرین کا قول ہے کہ یہ آیت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر اس وقت نازل ہوئی جب آپ مکہ مکرمہ میں تھے اور جب آپ مدینہ پاک تشریف لے آئے اور مکہ مکرمہ میں کچھ مسلمان رہ گئے جو استغفار کیا کرتے تھے تو آیت کا دوسرا حصہ مدینہ پاک میں نازل ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ

اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے اے غیب کی

النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى

خبریں بتانے والے مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب

الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ

دو اور اگر تم کے بیس صبر والے ہوں

صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ

گے دو سو پر غالب ہوں گے اور اگر تم میں کے

يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ

سو ہوں تو کافروں کے ہزار پر غالب

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝ ۱۰

آئیں گے اس لئے کہ وہ سمجھ نہیں رکھتے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ

اے غیب کی خبریں بتانے والے جو قیدی تمہارے ہاتھ میں ہیں

مِنَ الْاَسْرٰٓی ؕ اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰہُ فِیْ

اُن سے فرماؤ اگر اللہ نے تمہارے

قُلُوْبِکُمْ خَیْرًا یُّؤْتِکُمْ خَیْرًا مِّمَّآ

دل میں بھلائی جانی تو جو تم سے لیا گیا اس سے بہتر

اُخِذَ مِنْکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ

تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ پارہ ۱۰ رکوع ۶

بخشنے والا مہربان ہے۔

حاشیہ: یہ آیت حضرت سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بارے میں نازل ہوئی۔ جب وہ جنگِ بدر میں گرفتار ہوئے اور وہ سونا جو کفار کے کھانے پر خرچ کرنے کے لئے آپ ہمراہ لائے تھے چھین لیا گیا۔ تو انہوں نے درخواست کی کہ یہ سونا اُن کے فدیے کے طور پر شمار کر لیا جائے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ چیز جو تم ہماری مخالفت میں کفار پر خرچ کرنے کے لئے لائے تھے وہ واپس نہیں ہو سکتی نیز حضرت عباس پر اُن کے دو بھتیجوں عقیل بن ابی طالب اور نوفل بن حارث کے فدیوں کا بوجھ بھی ڈال دیا گیا تو حضرت عباس نے عرض کیا یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا تم مجھے ایسے حال میں چھوڑ دو گے کہ بقایا عمر قریش سے مانگ مانگ (جاری ہے)

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی

وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت

وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ

اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب

كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ ۱۰/۱۱

کرے پڑے برا مانیں مشرک

(حاشیہ بقیہ صد سے آگے) بسر کروں تو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر وہ سونا کہاں جائے گا جس کو تمہاری بی بی اُمِّ فضل نے تمہارے مکہ مکرمہ سے روانہ ہوتے وقت دفن کیا تھا اور تم کہہ آئے تھے کہ اگر میں جنگِ بدر میں مارا جاؤں تو یہ سونا تیرا ہے اور چاروں بیٹوں عبداللہ، عبیداللہ کا اور فضل و قثم کا ہے۔

حضرت عباس نے عرض کیا آپ کو کیسے علم ہوا۔ آپ نے فرمایا مجھے میرے رب نے آگاہ کیا ہے۔ اس پر حضرت عباس ایمان لے آئے اور گواہی دی کہ واقعی آپ اللہ کے رسول ہیں۔ میرے اس راز پر اللہ کے سوا کسی کو اطلاع نہ تھی۔ پھر حضرت عباس کے حکم سے اُن کے بھتیجے عقیل و نوفل بھی ایمان لے آئے۔ ؎

یہ سُن کر حضرت عباس پر رعشہ ہوا طاری
کہ پیغمبر تو رکھتا ہے دلوں کی بھی خبر داری

وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ

وَرَسُوْلُهٗ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ

اور رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے

سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ لا

اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول

اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ع پارہ ۱۰ رکوع ۱۳

ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

حاشیہ: بخاری و مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ رسول کریم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ (جس کا نام حرقوص بن زہیر تھا) نے کہا یا رسول اللہ عدل کیجئے۔ حضور نے فرمایا تجھے خرابی ہو، میں عدل نہ کروں گا تو عدل اور کون کرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا مجھے اجازت دیجئے کہ اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ آپ نے فرمایا اسے چھوڑ دو۔ اس کے اور بھی ہمراہی ہیں۔ تم ان کی نمازوں کے سامنے اور ان کے روزوں کے سامنے اپنی نمازوں اور روزوں کو حقیر سمجھو گے۔ یہ لوگ قرآن پڑھیں گے مگر ان کے گلوں سے نیچے نہ اترے گا اور یہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَ

اور ان میں کوئی وہ ہیں کہ ان غیب کی خبریں دینے والے کو ستاتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ

اور کہتے ہیں وہ تو کان ہیں تم فرماؤ تمہارے بھلے کے لئے

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ

کان ہیں اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کی بات پر یقین کرتے ہیں

رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ

اور جو تم میں مسلمان ہیں ان کے واسطے رحمت ہیں اور جو رسول اللہ

يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ۱۴

کو ایذا دیتے ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

حاشیہ شانِ نزول منافقین اپنی مجالس میں جناب سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ناشائستہ باتیں بکا کرتے تھے۔ ان میں سے بعض نے کہا کہ اگر حضور کو خبر ہو گئی تو ہمارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ اس پر جلاس بن سوید منافق نے کہا ہم جو چاہیں بکواس کریں حضور کے سامنے مُکر جائیں گے قسم کھالیں گے۔ وہ تو کان ہیں۔ جو کہہ دیا جائے سُنکر مان لیتے ہیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ کریم نے فرمایا کہ اگر وہ سُننے والے بھی ہیں تو خیر اور صلاح کے سُننے اور ماننے والے ہیں۔ شر اور فساد کے سننے والے نہیں ہیں۔

أَلَمْ يَعْلَمُوٓا أَنَّهُۥ مَن يُحَادِدِ ٱللَّهَ

کیا انہیں خبر نہیں کہ جو خلاف کرے اللہ اور اس

وَرَسُولَهُۥ فَأَنَّ لَهُۥ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ۚ

کے رسول کا تو اس کے لئے جہنم کی آگ ہے کہ ہمیشہ اس میں رہے گا۔

ذَٰلِكَ ٱلْخِزْيُ ٱلْعَظِيمُ ○ پارہ ۱۰ رکوع ۱۴

یہی بڑی رسوائی ہے۔

وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا

اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے

كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِٱللَّهِ وَ

کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرماؤ کیا اللہ اور

ءَايَٰتِهِۦ وَرَسُولِهِۦ كُنتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ○

اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو۔

لَا تَعْتَذِرُوا۟ قَدْ كَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَٰنِكُمْ ○ ۱۴/۱

بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر

حاشیہ ۱ شان نزول غزوہ تبوک میں جاتے ہوئے منافقین کے تین شخصوں میں سے دو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تمسخر کہتے تھے (جاری ہے)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ

اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ

اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ ۱۰۳

اور اِن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا ہی بُری جگہ پلٹنے کی

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً

اے محبوب اُن کے مال میں سے زکوٰۃ تحصیل کرو

تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ

جس سے تم انہیں ستھرا اور پاکیزہ کر دو اور اُن کے

(بقیہ حاشیہ صہ سے آگے) کہ ان کا خیال ہے کہ یہ روم پر غالب آجائیں گے۔ کتنا بعید خیال ہے اور تیسرا شخص بولتا تو نہ تھا مگر ان باتوں کو سُن کر ہنستا تھا۔ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن کو طلب فرما کر ارشاد فرمایا کہ تم ایسا ایسا کہہ رہے تھے۔ انہوں نے کہا ہم راستہ کاٹنے کے لئے ہنسی کھیل کے طور پر دِل لگی کی باتیں کر رہے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ان کا یہ عذر و حیلہ قبول نہ کیا گیا۔

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ

حق میں دعائے خیر کرو بے شک تمہاری دُعا ان کے دِلوں کا چین

لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ ۱/۲

ہے اور اللہ سُنتا جانتا ہے

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

بے شک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول

عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ

جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ

چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا

منہ پھیریں تو تم فرمادو کہ مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی

حاشیہ ۱ بخاری و مسلم میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ کی حدیث ہے کہ جب کوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صدقہ لاتا آپ اس کے حق میں دعا کرتے۔ میرے باپ نے صدقہ حاضر کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَبِیْ اَوْفٰی

هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے

الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ پارہ ۱۱ رکوع ۵

عرش کا مالک ہے۔

تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ

یہ غیب کی خبریں ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں

مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هَٰذَا

انہیں نہ تم جانتے تھے نہ تمہاری قوم اس سے پہلے

فَاصْبِرْ إِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ ۝ ۱۲/۴

تو صبر کرو بیشک بھلا انجام پرہیزگاروں کا ہے

حاشیہ ۱ اس آیت پاک میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو دونوں رؤف اور رحیم سے نوازا ہے۔ ایک قراءۃ میں انفسکم کی ف پر فتح آیا ہے جس سے معنی یہ ہوں گے کہ تم میں سے نفیس تر اور اشرف و افضل رسول آیا ہے اس آیت پاک سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری یعنی محفل میلاد کا بیان ہے اور ترمذی کی حدیث سے بھی ثابت ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیدائش کا بیان قیام کر کے فرمایا۔

حاشیہ ۲ اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اللہ اپنے رسول کو غیب کی باتیں وحی کرتا ہے۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ

یہ کچھ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے

اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا

ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے

اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ۝ پارہ ۱۳ رکوع ۵

اپنا کام پکا کیا تھا اور وہ داؤ چل رہے تھے۔

الٓرٰ ۣ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ

الف لام را ایک کتاب ہے کہ ہم نے تمہاری طرف

لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

اتاری کہ تم لوگوں کو اندھیریوں سے

اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ

اُجالے میں لاؤ ان کے رب کے حکم سے اسکی راہ کی

الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ پارہ ۱۳ رکوع ۱۳

طرف جو عزت والا سب خوبیوں والا ہے۔

حاشیہ ۱ اس آیت پاک سے بھی ثابت ہے کہ اللہ کریم اپنے پیارے رسول کو غیب کی باتیں وحی کرتا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ

اور بے شک ہم نے تم کو سات آیتیں دیں

الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝ ۱؎ ۱۴

جو دہرائی جاتی ہیں اور عظمت والا قرآن

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ

تو اعلانیہ کہہ دو جس بات کا تمہیں حکم ہے

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّا كَفَيْنٰكَ

اور مشرکوں سے منہ پھیر لو بیشک ان ہنسنے والوں

الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۝ ۲؎ پارہ ۱۴ رکوع ۶

پر ہم تمہیں کفایت کرتے ہیں

حاشیہ ۱

سات آیتوں سے مراد سورہ فاتحہ ہے اور نماز کی رکعتوں میں دہرائی جاتی ہے اور یہ انعام سابقہ انبیاء کرام میں سے کسی کو بھی نہیں ملا۔

حاشیہ ۲

اس آیت پاک کے نزول سے پہلے دعوتِ اسلام اعلانیہ نہیں کی جاتی تھی۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ

اور بے شک ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتوں سے تم دل تنگ

بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

ہوتے ہو تو اپنے رب کو سراہتے ہوئے

وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۙ وَاعْبُدْ

اس کی پاکی بولو اور سجدہ والوں میں ہو اور مرتے دم

رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝ ۱۴

تک اپنے رب کی عبادت میں رہو

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ

اور اے محبوب ہم نے تمہاری طرف یہ یادگار اتاری

لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ

کہ تم لوگوں سے بیان کر دو جو ان کی طرف اترا اور کہیں

يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ پارہ ۱۴ رکوع ۱۲

وہ دھیان کریں۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ

اور جس دن ہم ہر گروہ میں ایک گروہ انہیں

شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَ

میں سے اٹھائیں گے کہ ان پر گواہی دے اور

جِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ط

اے محبوب تمہیں ان سب پر شاہد بنا کر لائیں گے

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا

اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا

لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

روشن بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور بشارت

لِلْمُسْلِمِيْنَ ○ پارہ ۱۴ رکوع ۱۸

مسلمانوں کو

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ

اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ

اور اچھی نصیحت سے اور ان سے اس طریقہ سے بحث کرو

بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ط پارہ ۱۴ رکوع ۲۲

جو سب سے بہتر ہو

سُبْحَانَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو

لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ

راتوں رات لے گیا مسجدِ حرام سے مسجد

الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ

اقصا تک جس کے گرداگرد ہم نے برکت رکھی کہ ہم اُسے

مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ

اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بے شک وہ سُنتا

الْبَصِیْرُ ○ پارہ ۱۵ رکوع ۱

دیکھتا ہے۔

حاشیہ: معراج شریف نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک جلیل القدر معجزہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے۔ نبوت کے بارہویں سال سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم معراج شریف سے نوازے گئے۔ مکہ مکرمہ سے حضور کا بیت المقدس تک رات کے تھوڑے سے حصّہ میں تشریف لے جانا نص قرآنی سے ثابت ہے۔ آسمانوں کی سیر اور منازل قرب میں پہنچنا احادیث صحیحہ معتمدہ مشہورہ سے ثابت ہے اور یہ سب احادیث حدِ تواتر کو پہنچ چکی ہیں۔ معراج شریف حالتِ بیداری

(جاری ہے)

جسم و رُوح دونوں کے ساتھ ہوئی۔ حضرت جبرئیل کا براق لے کر حاضر ہونا۔ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہایت اکرام و احترام سوار کرا کر لے جانا۔ بیت المقدس میں سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء کرام کی امامت فرمانا۔ پھر وہاں سے سیرِ سمٰوات کی طرف متوجہ ہونا۔ حضور کا ہر ایک آسمان سے دوسرے آسمان کی طرف سیر فرمانا وہاں کے عجائبات دیکھنا پھر سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچنا جہاں سے آگے بڑھنے کی کسی ملکِ مقرب کو بھی مجال نہیں۔ جبریلِ امین کا وہاں معذرت کر کے ٹھہر جانا۔ پھر مقامِ قرب خاص پر حضور کا ترقی فرمانا اور اس قربِ اعلیٰ میں پہنچنا کہ جس کے تصور تک خلق کے اوہام بھی پرواز سے قاصر ہوں۔ وہاں انعاماتِ خداوندی اور خصائصِ نعم سے سرفراز فرمایا جانا، اُمت کے لئے نمازیں فرض ہونا۔ حضور کو شفاعتِ کبریٰ کا اعزاز ملنا۔ جنت دوزخ کی سیریں کرنا پھر واپس اپنی جگہ تشریف لانا۔ اس واقعہ کی کفار کو خبر دینا۔ کفار کا شور مچانا آپ کا بیت المقدس کی عمارت کا حال بتانا۔ ملک شام جانے والے قافلوں کی کیفیتیں حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرنا۔ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا سب کچھ بتلا دینا۔ قافلوں کے جو حالات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلائے تھے قافلوں کے آنے پر ان کی تصدیق ہونا۔ یہ تمام واقعات صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہیں اور بکثرت احادیث ان تمام واقعات کی کی تفصیلات سے لبریز ہیں۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ

تم فرماؤ پکارو انہیں جن کو اللہ کے سوا گمان کرتے

دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ

ہو تو وہ اختیار نہیں رکھتے تم سے تکلیف دُور کرنے اور

عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ ۱۵/۶

نہ پھیر دینے کا

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ۲۱/۱۰۷

اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے

حاشیہ ۱ شانِ نزول کفارِ عرب جب قحطِ شدید میں مبتلا ہوئے اور یہاں تک نوبت پہنچی کہ کُتے اور مُردار کھا گئے تو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور فریاد لائے اور آپ سے دُعا کی درخواست کی۔ اس پر یہ آیت پاک نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ جب بُتوں کو خُدا مانتے ہو تو اِس وقت انہیں پُکارو کہ وہ تمہاری مدد کریں۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دُعا سے قحط دُور ہوا۔

حاشیہ ۲ اِس آیتِ پاک میں رحمت مصدر بمعنی اسمِ فاعل رحیم یعنی رحم کرنے والا جہانوں پر استعمال ہوا ہے۔ سورہ توبہ کی آخری آیت میں بھی اللہ پاک نے اپنے پیارے محبوب کو رؤف اور رحیم کے (جاری ہے)

کے خطاب سے نوازا ہے۔

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم۔

۱ — اب رحیم (رحم کرنے والے) کے لئے ضروری ہے کہ وہ زندہ ہو ورنہ مُردہ رحم نہیں کر سکتا۔

۲ — رحیم (رحم کرنے والے) کے لئے ضروری ہے کہ وہ رحم کرنے کا اختیار رکھتا ہو ورنہ بے اختیار کیا رحم کرے گا۔

۳ — رحیم (رحم کرنے والے) کے لئے ضروری ہے کہ وہ جس پر رحم کرنا چاہتا ہے اس کے حال سے واقف ہو ورنہ کبھی کسی غیر مستحق پر رحم ہو جائے گا اور مستحق عدم واقفیت احوال کی وجہ سے محروم رہ جائے گا۔

۴ — رحیم (رحم کرنے والے) کے لئے ضروری ہے کہ وہ جس پر رحم کرنا چاہتا ہے وہ اُس کے قریب ہو ورنہ دُور ہونے کے سبب رحم نہیں کر سکے گا۔

۵ — اب رحیم (رحم کرنیوالے) اور مرحوم (جس پر رحم کیا گیا ہو) دونوں میں سے ایک کا جسم لطیف رکھنا ضروری ہے ورنہ جسم کثیف کے سبب بعد مکانی کی وجہ سے رحم نہیں کر سکے گا۔ لہٰذا اللہ کریم نے اپنے حبیب کو جسم لطیف بھی عطا فرمایا۔

قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین تاکہ ان کا کل کائنات سے قرب متحقق ہو جائے۔ روح المعانی نے رحمۃ للعالمین کے معنی ای راحما للعالمین اور رحیم مسلمانوں کے لئے لکھے ہیں۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ

رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسا تم میں

كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط ۱۸/۱۵

ایک دوسرے کو پکارتا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر خوشی اور ڈر سنانا

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّآ

تم فرماؤ میں اس پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا مگر

مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ ۱۹/۳

جو چاہے کہ اپنے رب کی طرف راہ لے

حاشیہ ۱ اس آیت میں اللہ کریم رسول اللہ کو پکارنے کے آداب سکھاتے ہیں۔ مفسرین کا بیان ہے کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ندا کرے تو ادب و احترام، عزت و تعظیم کے ساتھ متواضعانہ و منکسرانہ لہجہ میں یا نبی اللہ یا رسول اللہ یا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، کہہ کر پکارے اور ہر لحاظ میں ادب ملحوظِ خاطر رکھے۔

حاشیہ ۲ مراد یہ ہے کہ ایمانداروں کا ایمان لانا اور ان کا اطاعتِ الٰہی میں مشغول ہونا ہی میرا اجر ہے۔

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝

اور اے محبوب اپنے قریب تر رشتہ داروں کو ڈراؤ

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ

اور اپنی رحمت کا بازو بچھاؤ اپنے پیرو

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ

مسلمانوں کے لئے تو اگر وہ تمہارا حکم نہ مانیں تو فرما

اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَتَوَكَّلْ

دو میں تمہارے کاموں سے بے علاقہ ہوں اور اس پر بھروسہ کرو

عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝ الَّذِيْ يَرٰىكَ

جو عزت والا مہر والا ہے جو تمہیں دیکھتا ہے جب

حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ۝

تم کھڑے ہوتے ہو اور نمازیوں میں تمہارے دورے کو

حاشیہ: تقلبك فی الساجدین کے معانی میں مفسرین کا بیان ہے کہ جب آپ شب کو تہجد پڑھنے والے اصحاب کو ملاحظہ کرنے کیلئے دورہ کرتے ہو۔ بعض مفسرین کا بیان ہے کہ جب تم امام ہو کر نماز پڑھاتے ہو اور قیام و رکوع و سجود میں گزرتے ہو۔ بعض مفسرین کا بیان ہے (جاری ہے)

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ

اور اس سے پہلے تم کوئی کتاب نہ پڑھتے تھے

كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ

اور نہ اپنے ہاتھ سے کچھ لکھتے تھے یوں ہوتا تو باطل والے ضرور

الْمُبْطِلُوْنَ ۝ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ

شک لاتے بلکہ وہ روشن آیتیں ہیں

فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ

ان کے سینوں میں جن کو علم دیا گیا

(بقیہ صد سے آگے) کہ اللہ کریم آپ کی گردش چشم کو دیکھتا ہے۔ کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پس و پیش یکساں دیکھتے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخدا مجھ پر تمہارا خشوع و رکوع مخفی نہیں۔ میں تمہیں اپنے پس پشت بھی دیکھتا ہوں۔ بعض مفسرین کا بیان ہے کہ اس آیت میں ساجدین سے مؤمنین مراد ہیں جو زمانۂ آدم و حوا علیہما السلام سے لے کر حضرت عبداللہ اور حضرت آمنہ خاتون تک مومنین کی اصلاب و ارحام میں آپ کے دورے کو ملاحظہ فرماتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ آپ کے تمام اباؤ اجداد حضرت آدم علیہ السلام تک سب مومن تھے (تفسیر مدارک و جمل وغیرہ)

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝[1] ۲۱/۱

اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتے مگر ظالم

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ

یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے

اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ط ۲۱/۶

اور اس کی بیبیاں اُن کی مائیں ہیں

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ

بے شک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ

اس کے لئے کہ اللہ اور پچھلے دن

حاشیہ [1] حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اپنی تفسیر میں ھو کی ضمیر کا مرجع سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو قرار دے کر آیت کے معنی یہ کئے ہیں کہ سیدِ عالم محمد صلی اللہ علیہ وسلم صاحب ہیں۔ اُن آیات بینات کے جو ان لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہیں جنہیں اہل کتاب میں سے علم دیا گیا۔ کیونکہ وہ اپنی کتابوں میں آپ کی نعت و صفت پاتے تھے۔

تفسیر ابن عباس ۲۴۹

اَلْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝ پارہ ۲۱ رکوع ۱۹

کی امید رکھتا ہو اور اللہ کو بہت یاد کرے

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے

الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ

ہر ناپاکی دُور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا

تَطْهِيْرًا ۝ [1] پارہ ۲۲ رکوع ۱۰

کر دے

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ

اور نہ کسی مسلمان مرد اور نہ مسلمان عورت

اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ

کو پہنچتا ہے کہ جب اللہ اور رسول کچھ حکم فرما دیں تو

حاشیہ [1] اس آیت سے اہلِ بیت حضرات کی فضیلت معلوم ہوتی ہے اور اہلِ بیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کے ساتھ ساتھ حضرت خاتونِ جنت، حضرت علی مرتضٰے اور حسنین کریمین رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

يَكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ط

انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے اور جو حکم

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ

نہ مانے اللہ اور اس کے رسول کا وہ بے شک

ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝ پارہ ۲۲ رکوع ۲

صریح گمراہی بہکا

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا

نبی پر کوئی حرج نہیں اس بات میں جو اللہ نے اس کے

فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ط سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا

لئے مقرر فرمائی اللہ کا دستور چلا آرہا ہے ان میں جو پہلے گزر

مِنْ قَبْلُ ط وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۝ ۲۲/۲

چکے اور اللہ کا کام مقرر تقدیر ہے

حاشیہ ۱ اس آیت پاک سے ثابت ہوا کہ آدمی کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہر امر میں واجب ہے۔

حاشیہ ۲ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے لئے اللہ تعالیٰ کے خاص احکام ہوتے ہیں۔ ان کے سوا دوسروں کو وہ جائز نہیں ہوتے جیسے حضرت داؤد علیہ السلام

(جاری ہے)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ ۲۲/۲

اور اللہ سب کچھ جانتا ہے

(بقیہ حاشیہ ۷۹ سے آگے) کی سو بیویاں تھیں اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی تین سو بیویاں۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں جس کے لئے جو حکم چاہے صادر فرمائے اس پر کسی کو اعتراض کی کیا مجال۔ اس آیت پاک میں ان یہودیوں کا بھی رد ہے جو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر چار سے زیادہ بیبیاں نکاح میں رکھنے پر طعن کرتے تھے۔ اس آیت میں انہیں بتلایا گیا ہے یہ حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کے لئے خاص ہے جیسے پہلے انبیاء کرام کیلئے تعدادِ ازواج میں خاص احکام تھے۔

حاشیہ ۱: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آخر الانبیاء ہونا قطعی نص قرآنی سے بھی ثابت ہے اور صحاح کی بکثرت احادیث جو حدِ تواتر تک پہنچتی ہیں سب سے ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سب سے پچھلے نبی ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی ہونے والا نہیں۔ آپ پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ آپ کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جنہیں نبوت پہلے مل چکی ہے آخری زمانے میں آسمان سے نزول فرمائیں گے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام (جاری ہے)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ

اے غیب کی خبریں بتانیوالے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر

مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّدَاعِيًا اِلَى

خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے

اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ

حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب اور ایمان والوں

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ ۲۲/۳

کو خوشخبری دو کہ ان کے لئے اللہ کا بڑا فضل ہے

(بقیہ صہ سے آگے) کی شریعت کی پیروی کریں گے اور آپ کے اُمتی ہونے کا شرف حاصل کریں گے جو آپ کے بعد کسی اور کو نبوت ملنا ممکن سمجھے وہ ختم نبوت کا منکر ہے اور خارج از اسلام ہے۔

حاشیہ ۱ شاہد کا ترجمہ حاضر ناظر زیادہ مناسب ہے۔ مفردات راغب میں اَلشُّهُوْدُ وَالشَّهَادَةُ کا معنی اَلْحُضُوْرُ مَعَ الْمُشَاهَدَةِ اِمَّا بِالْبَصَرِ اَوْ بِالْبَصِيْرَةِ لکھا ہے یعنی شہود اور شہادت کے معنی میں حاضر ہونا مع ناظر ہونے کے بصر کے ساتھ ہو یا بصیرت کے ساتھ اور گواہ کو بھی اسی لئے شاہد کہتے ہیں کہ وہ مشاہدہ کے ساتھ جو علم رکھتا ہے وہ بیان کرتا ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تمام عالم کی طرف مبعوث ہیں اور آپ کی

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ

اے غیب بتانے والے (نبی) ہم نے تمہارے لئے حلال

الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

فرمائیں تمہاری وہ بی بیاں جن کو تم مہر دو اور تمہارے ہاتھ کا مال

يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ ۝ ۳۳/۵۰

کنیزیں جو اللہ نے تمہیں غنیمت میں دیں

(بقیہ صد سے آگے) رسالت عامہ ہے جیسے سورہ فرقان کی پہلی آیت تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا سے ظاہر ہے۔ تو حضور پُرنور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت تک ہونے والی ساری مخلوق کے شاہد ہیں اور اُن کے اعمال، افعال، احوال تصدیق و تکذیب ہدایت و ضلال سبھی کا مشاہدہ فرماتے ہیں۔

حاشیہ ۱ چنانچہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہما کو آزاد فرمایا اور پھر اُن سے نکاح کر لیا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ

اے ایمان والو نبی کے گھروں میں نہ

النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ

حاضر ہو جب تک اذن نہ پاؤ مثلاً کھانے کے لئے بلائے جاؤ

غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ

نہ یوں کہ خود اس کے پکنے کی راہ تکو ہاں جب بلائے جاؤ

فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا

تو حاضر ہو اور جب کھا چکو تو متفرق ہو جاؤ نہ یہ کہ بیٹھے

وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ

باتوں میں دل بہلاؤ بے شک اس میں نبی کو

كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ

ایذا ہوتی تھی تو وہ تمہارا لحاظ فرماتے تھے

وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا

اور اللہ حق فرمانے میں نہیں شرماتا اور جب تم

سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔـلُوْهُنَّ

ان سے برتنے کی کوئی چیز مانگو تو پردے کے

مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ

باہر مانگو اس میں زیادہ ستھرائی ہے

لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ

تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کی اور تمہیں نہیں پہنچتا

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا

کہ رسول اللہ کو ایذا دو اور نہ یہ کہ ان کے بعد

اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ

کبھی ان کی بی بیوں سے نکاح کرو بے شک یہ

كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ○ پارہ ۲۲ رکوع ۴

اللہ کے نزدیک بڑی سخت بات ہے

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب

النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا

بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب

عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ پارہ ۲۲ رکوع ۴

سلام بھیجو۔

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو

لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ

ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ نے

عَذَابًا مُّهِينًا ○ پارہ ۲۲ رکوع ۴

ان کیلئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ

اور اے محبوب ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو

بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

تمام آدمیوں کو گھیرنے والی ہے خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا لیکن بہت

لَا يَعْلَمُونَ ○ پارہ ۲۲ رکوع ۹

لوگ نہیں مانتے

حاشیہ: حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت عام ہے اور تمام جن و انس کو شامل ہے اور یہ خاص مرتبہ صرف آپ کا ہے۔ قرآن پاک کی آیات اور احادیث سے اس کی توثیق ہوتی ہے۔ بخاری و مسلم میں ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں عطا کی گئیں جو (جاری ہے)

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ

بے شک ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب حق کے

فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّينَ ۝ پارہ ۲۳ رکوع ۱۵

ساتھ اتاری پس اللہ کی عبادت کر خالص اسکے بندے ہو کر

أَلَيْسَ اللَّهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ ۖ وَيُخَوِّفُونَكَ

کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں اور تمہیں

بِالَّذِينَ مِن دُونِهِ ۚ وَمَن

ڈراتے ہیں اس کے سوا اوروں سے اور جسے

يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ۝

اللہ گمراہ کرے اس کی کوئی ہدایت کرنے والا نہیں

(حاشیہ بقیہ صد سے آگے) مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ دی گئی تھیں۔ پہلی ایک ماہ کی مسافت کے رعب سے میری مدد کی گئی۔ دوسری تمام زمین میرے لئے مسجد اور پاک بنادی گئی جہاں کہیں میرے اُمتی کو نماز کا وقت آجائے نماز پڑھ لے تیسری میرے لئے غنیمتیں حلال کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کیلئے حلال نہ تھیں۔ چوتھی مجھے مرتبۂ شفاعت عطا کیا گیا۔ پانچویں مجھے تمام خلق کی طرف مبعوث فرمایا گیا جب کہ دیگر انبیاء کرام خاص اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتے رہے۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

اور جسے اللہ ہدایت دے اسے کوئی بہکانے والا نہیں

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ۝ ۲۴/۱

کیا اللہ عزت والا بدلہ لینے والا نہیں

قُلْ اِنِّىْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ

تم فرماؤ میں منع کیا گیا ہوں کہ انہیں پوجوں جنہیں تم

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِىَ

اللہ کے سوا پوجتے ہو جب کہ میرے پاس روشن دلیلیں

الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّىْ ۘ وَاُمِرْتُ اَنْ

میرے رب کی طرف سے آئیں اور مجھے حکم ہوا ہے

حاشیہ: اے کفارِ عرب نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈرانا چاہا اور کہا کہ آپ ہمارے معبودوں (بتوں) کی برائیاں بیان کرنے سے باز آجائیں ورنہ وہ آپ کو نقصان پہنچائیں گے ہلاک کر دینگے۔ (اللہ کریم نے اس آیت پاک سے کفار کا رد فرمایا اور آپ کی تشفی فرمادی۔ اس آیت پاک میں مِنْ دُوْنِہٖ سے مراد بت اور اصنام ہیں)

أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ پارہ ۲۴ رکوع ۱۲

کہ رب العالمین کے حضور گردن رکھوں

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا

تم فرماؤ میں اس پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا

الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ط وَمَنْ

مگر قرابت کی محبت اور جو نیک

يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا

کام کرے ہم اس کے لئے اس میں اور خوبی

حُسْنًا ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ○ پ ۲۵ ع ۴

بڑھائیں بیشک اللہ بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے

حاشیہ ۱

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور حضور کے اقارب کی محبت دین کے فرائض میں سے ہے۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت والوں سے مراد آپ کی آلِ پاک ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج مطہرات حضور کے اہلِ بیت میں شامل ہے۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّآ

اور کسی آدمی کو نہیں پہنچتا کہ اللہ اس سے کلام فرمائے

وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ

مگر وحی کے طور پر یا یوں کہ وہ بشر پردہ عظمت کے ادھر ہو

رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ط اِنَّهٗ

یا کوئی فرشتہ بھیجے کہ وہ اس کے حکم سے وحی کرے جو

عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

وہ چاہے بیشک وہ بلندی و حکمت والا ہے اور جو نہی ہم نے تمہیں وحی بھیجی

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ط مَا كُنْتَ

ایک جاں فزا چیز اپنے حکم سے اس سے پہلے

تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ

نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی

جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ

تفصیل ہاں ہم نے اُسے نور کیا جس سے ہم راہ

نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ

دکھاتے ہیں اپنے بندوں سے جسے چاہتے ہیں اور بے شک تم ضرور

إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ

سیدھی راہ بتاتے ہو اللہ کی راہ

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

کہ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں

اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝ پارہ ۲۵ رکوع ۶

سنتے ہو سب کام اللہ ہی کی طرف پھرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور ایمان لائے اور اچھے کام کئے

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اور اس پر ایمان لائے جو محمد پر اتارا گیا اور

هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ

وہی ان کے رب کے پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں

سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝ پارہ ۲۶ رکوع ۵

اُتار دیں اور ان کی حالتیں سنوار دیں۔

حاشیہ: حضرت عباس فرماتے ہیں کہ ایامِ حیات میں اُن کی حفاظت فرما کر کہ اُن سے عصیان واقع نہ ہو۔

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ

بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی تاکہ اللہ تمہارے

اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ

سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے

وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ

اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمہیں سیدھی

صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ وَيَنصُرَكَ

راہ دکھا دے اور اللہ تمہاری

اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝ پارہ ۲۶ رکوع ۹

زبردست مدد فرمائے

حاشیہ: یہ آیاتِ مبارکہ حدیبیہ سے واپس ہوتے ہوئے حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھیں۔ آپ ان کے نزول پر بہت خوش تھے اور صحابہ کرام نے آپ کو مبارکبادیں دیں (بخاری، مسلم، ترمذی) کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بدولت انسانیت کو امن و چین ملا اور اسلام کو کامیابی و کامرانی نصیب ہوئی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شفاعت کبریٰ کے منصب پر فائز ہونے سے گنہگاروں کے گناہ بخشے گئے۔ اس آیتِ پاک میں لفظ ذَنْبٌ آیا ہے۔ لغت میں اس (جاری ہے)

إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ

بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشی اور

نَذِيرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر

وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ

ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام

بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ

اللہ کی پاکی بولو جو تمہاری بیعت کرتے ہیں

إِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر

(بقیہ حاشیہ صد سے آگے) کے دو معنی ہیں۔ پہلے معنی گناہ۔ یہاں گناہ سے مراد اُمت کے گناہ ہیں۔ کیونکہ ہمارے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم گناہوں سے معصوم ہیں۔ دوسرے معنی الزام۔ تو آیتِ پاک کے معانی ہوں گے۔ اے حبیب ہم نے تمہارے اگلے پچھلے سب الزامات جو کفارِ مکہ آپ پر لگایا کرتے تھے سب معاف کر دیے۔ اب اس کے بعد آپ کو ان الزامات وغیرہ سے کوئی نہیں مخاطب کرے گا۔

أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَنْ نَكَثَ فَإِنَّمَا يَنْكُثُ

اللہ کا ہاتھ ہے تو جس نے عہد توڑا اس نے اپنے بُرے عہد کو توڑا

عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ

اور جس نے پورا کیا وہ عہد جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو

اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ پارہ ۲۶ رکوع ۹

بہت جلد اللہ اسے بڑا ثواب دے گا

لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّءْيَا

بے شک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب

بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

بے شک تم ضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے

إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ۙ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ

اگر اللہ چاہے امن و امان سے اپنے سروں کے بال

وَمُقَصِّرِينَ ۙ لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ

منڈاتے یا ترشواتے بے خوف تو اس نے جانا

تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ

جو تمہیں معلوم نہیں تو اس سے پہلے ایک نزدیک

فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

آنے والی فتح رکھی وہی ہے جس نے اپنے رسول کو

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ

ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اُسے

عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ

سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی ہے گواہ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ

محمد اللہ کے رسول ہیں اور اُن کے ساتھ والے

اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ

دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيْمَاهُمْ

فضل و رضا چاہیے اُن کی علامت اُن کے

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ

چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے یہ اُن

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ

کی صفت توریت میں ہے اور اُن کی

فِي الْاِنْجِيْلِ پارہ ۲۶ رکوع ۱۲

صفت انجیل میں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول

يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ

سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ پارہ ۲۶ رکوع ۱۳

بے شک اللہ سنتا جانتا ہے

شانِ نزول چند آدمیوں نے عید الاضحےٰ کے روز حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے قربانی کر لی تو انہیں حکم ہوا کہ دوبارہ قربانی کریں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے بعض رمضان سے پہلے ہی ایک روز روزہ رکھ لیتے۔ ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی اور حکم دیا گیا کہ روزہ رکھنے میں اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے پہل نہ کیا کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ

اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو

فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ

اس غیب بتانے والے نبی کی آواز سے اور ان کے حضور

بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ

بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے

تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝

کے سامنے چلاتے ہو کہ کہیں تمہارے عمل اکارت نہ ہو جائیں

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ

اور تمہیں خبر نہ ہو بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں

عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

رسول اللہ کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ

پرہیزگاری کے لئے پرکھ لیا ہے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

اُن کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے

إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِن وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ

بے شک وہ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں

أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ

ان میں اکثر بے عقل ہیں اور اگر وہ

صَبَرُوا حَتَّىٰ تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ

صبر کرتے یہاں تک کہ تم آپ اُن کے پاس تشریف

خَيْرًا لَّهُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ پارہ ۲۶ رکوع ۱۳

لاتے تو وہ ان کیلئے بہتر تھا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ

تو اے محبوب تم نصیحت فرماؤ کہ تم اپنے رب کے فضل سے

بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُونٍ ۝ پارہ ۲۷ رکوع ۲

نہ کاہن ہو نہ مجنون

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ

اور اے محبوب تم اپنے رب کے حکم پر ٹھہرے رہو

بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ

کہ بے شک تم ہماری نگہداشت میں ہو اور اپنے رب

لَقُوْمُ ۙ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ

کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو جب تم کھڑے ہو اور کچھ رات میں اسکی

النُّجُوْمِ ۝ پارہ ۲۷ رکوع ۴

پاکی بولو اور تاروں کے پیٹھ بولو

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ مَا ضَلَّ

اُس پیارے چمکتے تارے محمد کی قسم جب یہ معراج سے اُترے تمہارے صاحب

صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ وَمَا يَنْطِقُ

نہ بہکے نہ بے راہ چلے اور وہ کوئی بات

عَنِ الْهَوٰى ؕ ۚ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ

اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ

انہیں سکھایا سخت قوتوں والے طاقتور نے پھر اس جلوہ

فَاسْتَوٰى ۙ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ ۝

نے قصد فرمایا اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ پر تھا

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ فَكَانَ قَابَ

پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا پھر خوب اُتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ

میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم اب وحی فرمائی اپنے بندے

مَآ اَوْحٰى ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝

کو جو وحی فرمائی دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ وَلَقَدْ

تو کیا تم اُن سے اُن کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو اور انہوں

رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ

نے تو وہ جلوہ دو بار دیکھا سدرۃ المنتہیٰ

الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝

کے پاس اس کے پاس جنت الماویٰ ہے

اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝

جب سدرہ پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى

آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی بیشک اپنے

مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝ پارہ ۲۷ رکوع ۵

رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں

حاشیہ ۱: اِس سورہ پاک کے آغاز میں صَاحِبُکُمْ سے مراد حضرت سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور معنی یہ ہوئے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی طریقِ حق و ہدایت سے عدول نہ کیا۔ ہمیشہ اپنے رب کی عبادت اور توحید بیان فرمانے میں لگے رہے۔ آپ کے دامنِ عصمت پر کبھی کسی امرِ مکروہ کی گرد تک نہ آئی۔

عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی سے مراد اللہ تعالےٰ ہے اس نے اپنی ذات کو اس وصف کے ساتھ ذکر فرمایا ہے اور معنی یہ ہوں گے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ربِ کریم نے بے واسطہ تعلیم فرمائی۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی سے مراد ہے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک نے اسکی تصدیق کی جو آپ کی چشمِ مبارک نے دیکھا معنی یہ ہوں گے کہ آنکھ سے دیکھا دل سے پہچانا اور اس دیکھنے اور پہچاننے میں شک اور تردد نے راہ نہ پائی۔

اب یہ بات کہ آپ نے کیا دیکھا۔ بعض مفسرین کا قول ہے کہ آپ نے حضرت جبرئیل کو دیکھا کیونکہ آپ نے اُسے اصلی شکل میں دیکھنے کی خواہش فرمائی تھی۔ مگر زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ربِ تبارک و تعالیٰ کو دیکھا اور پھر یہ دیکھنا کس طرح تھا چشمِ سر سے یا چشمِ دل سے۔

اِس میں دو قول ہیں۔ حضرت ابن عباس کا قول ہے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ربِ کریم کو اپنے قلبِ مبارک سے دو بار دیکھا۔ دیگر مفسرین کا قول

ہے کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب عزوجل کو حقیقتہ چشم مبارک سے دیکھا اور یہ قول حضرت حسن، حضرت انس بن مالک اور حضرت عکرمہ کا ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلعت، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلام اور حضرت سید عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے دیدار سے امتیاز بخشا۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دو بار کلام فرمایا اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو بار اللہ تعالیٰ نے اپنے دیدار سے نوازا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے دیدار کا انکار کیا ہے اور آیت کو حضرت جبرئیل کے دیدار پر محمول کیا ہے اور سند میں لاتدرکہ الابصار تلاوت فرمائی ہے۔ دیگر قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ کلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نقل نہیں فرمایا بلکہ آیت سے اپنے استنباط پر اعتماد کیا ہے اور آیت پاک میں ادراک یعنی احاطہ کرنے کی نفی ہے جبکہ حدیث مرفوع سے نبی پاک کا اپنے رب کا دیدار کرنا ثابت ہے مسلم کی حدیث ہے رأیت ربی بعینی وبقلبی یعنی میں نے اپنے رب کو اپنی آنکھ اور اپنے دل سے دیکھا۔ یہی مسلک حضرت ابن عباس، حضرت حسن بصری اور حضرت امام احمد رحمۃ اللہ کا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اس کے

بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ

رسول پر ایمان لاؤ وہ اپنی رحمت کے دو حصے تمہیں

وَيَجْعَل لَّكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَ

عطا فرمائے گا اور تمہارے لئے نور کر دے گا جس میں چلو اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ پارہ ۲۷ رکوع ۲۰

تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

بے شک وہ جو مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی

كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

ذلیل کئے گئے جیسے ان سے اگلوں کو ذلت دی گئی

وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۚ وَلِلْكَافِرِينَ

اور بے شک ہم نے روشن آیتیں اتاریں اور کافروں کے

عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ پارہ ۲۸ رکوع ۱

لئے خواری کا عذاب ہے

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ

اے ایمان والو جب تم رسول سے کوئی بات آہستہ

الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ

عرض کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ

صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ

دے لو یہ تمہارے لئے بہتر اور بہت صاف تھرا ہے

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پھر اگر تمہیں مقدور نہ ہو تو اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ○ پارہ ۲۸ رکوع ۲

مہربان ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ

بیشک وہ جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ○ كَتَبَ اللّٰهُ

وہ سب سے زیادہ ذلیلوں میں ہیں اللہ لکھ چکا

لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کہ ضرور میں غالب آؤں گا اور میرے رسول بے شک اللہ

قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ

قوت والا عزت والا ہے تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو یقین

بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ

رکھتے ہیں اللہ اور پچھلے دن پر کہ دوستی کریں اُن سے

حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی اگرچہ وہ انکے باپ

اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ

یا بیٹے یا بھائی یا

عَشِیْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ

کنبے والے ہوں یہ ہیں جن کے دلوں میں اللہ

قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ

نے ایمان نقش فرما دیا اور اپنی طرف کی روح

مِّنْهُ ؕ وَیُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

سے انکی مدد کی اور انہیں باغوں میں لے جائے گا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ

جن کے نیچے نہریں بہیں ان میں ہمیشہ رہیں

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ط

اللہ اُن سے راضی اور وہ اللہ سے راضی

اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ط اَلَآ اِنَّ حِزْبَ

یہ اللہ کی جماعت ہے سُنتا ہے اللہ ہی

اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ پارہ ۲۸ رکوع ۳

کی جماعت کامیاب ہے

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ

جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول کو شہر

اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

والوں سے وہ اللہ اور رسول کی ہے

وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں

وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً ۢ

اور مسافروں کے لئے کہ تمہارے اغنیاء

بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ط وَمَآ اٰتٰىكُمُ

کا مال نہ ہو جائے اور جو کچھ تمہیں

الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ

رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

باز رہو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ پارہ ۲۸ رکوع ۴

کا عذاب سخت ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاۗءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ

اے نبی جب تمہارے حضور مسلمان عورتیں

يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ

وَمِلْءَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ

اور بمقدار اس کے کہ احاطہ کیا اسے تیرے علم نے اور دوگنا اس سے

مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ صَلٰوةً تَزِيْدُ وَتَفُوْقُ

کہ گھیرا اسکو تیرے علم نے ایسا درود کہ زیادہ ہو اور بلند ہو

وَتَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ

اور بزرگ ہو مرتبے میں ان لوگوں کے درود سے جو درود

مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَفَضْلِكَ عَلٰى

بھیجتے ہیں آنحضرت پر سب مخلوق سے مانند تیری بزرگی کے

جَمِيْعِ خَلْقِكَ (ھ) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

تمام مخلوق پر الٰہی کر دے مجھے

ھ۔ کہا ہے شیخ نے یہ مقام محل اجابت ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بغیر درود کے دعا درمیان زمین اور آسمان کے معلق رہتی ہے اور قبول نہیں ہوتی پس اول و آخر دعا کے درود پڑھنا ضروری ہے۔

مِمَّنْ لَزِمَ مِلَّةَ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا

ان لوگوں میں سے کہ لازم کر لیا ہے انہوں نے مذہب تیرے نبی سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَّمَ

ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اور بزرگ رکھا ہے

حُرْمَتَهٗ وَاَعَزَّ كَلِمَتَهٗ وَحَفِظَ عَهْدَهٗ

مرتبہ بزرگی کا ان کے اور بزرگی دی ہے ان کے کلمہ کو اور نگاہ رکھا ہے

وَذِمَّتَهٗ وَنَصَرَ حِزْبَهٗ وَدَعْوَتَهٗ

ان کے عہد اور پیمان کو اور مدد کی انکے لشکر کی اور ان کے اللہ کیطرف بلانیکی

وَكَثَّرَ تَابِعِيْهِ وَفِرْقَتَهٗ وَوَافَى

اور بڑھایا ان کے پیروؤں کو اور ان کے گروہ کو اور موافقت کی

بِزُمْرَتِهٖ وَلَمْ يُخَالِفْ سَبِيْلَهٗ وَسُنَّتَهٗ

انکی جماعت کی اور مخالفت نہ کی انکے طریق کی اور انکی سنت کی

ف۱ نظر بد و شر شیاطین دفع آفات کے لیئے نہایت مفید ہے ۱۲۱ مرتبہ پڑھے یا ۱۲۱ مرتبہ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے تو دفع مرض و آسیب وغیرہ ہو اور بحفظ مالک قدیم بچے کے گلے میں ڈالے تو وہ تمام مصائب و بلیات سے محفوظ رہیگا بفضلہ اگر اسکا ورد بھی رکھے تو نہایت موثر ہوگا۔ ورد کیلئے تعداد معین نہیں۔ ۱۲ مفتاح

ف۲ سنۃ روایت میں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو عمل کرے میری سنت پر وقت فساد میری امت کے پس واسطے اسکے ثواب ہے سو شہیدوں کا۔ ۱۲

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْاِسْتِمْسَاکَ

الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ سے ہی متصل آنحضرت

بِسُنَّتِہٖ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْاِنْحِرَافِ

کے طریقے کا اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے روگرداں ہونے سے

عَمَّا جَآءَ بِہٖ (۲) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

ان سب چیزوں سے کہ لائے ہیں انکو آنحضرت الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ ہی

مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَکَ مِنْہُ سَیِّدُنَا

سے وہ بہترین چیزیں کہ مانگیں تجھ سے وہ چیزیں سردار ہمارے

مُحَمَّدٌ نَبِیُّکَ وَرَسُوْلُکَ صَلَّی اللّٰہُ

محمد تیرے نبی نے اور تیرے رسول صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (۳) وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ

علیہ وسلم نے اور پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ

شَرِّ مَا اسْتَعَاذَکَ مِنْہُ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ

تیرے بدی سے ان چیزوں کے کہ پناہ مانگی ہے تجھ سے سردار ہمارے

نَبِیُّکَ وَرَسُوْلُکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

محمد تیرے نبی اور تیرے رسول صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ (۴) اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنْ شَرِّ

وسلم نے الٰہی بچا تو مجھے برائی سے

الْفِتَنِ وَعَافِنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْمِحَنِ وَ

فسادوں کے اور محفوظ رکھ مجھے ساری محنتوں سے اور

اَصْلِحْ مِنِّیْ مَا ظَهَرَ وَمَا بَطَنَ وَنَقِّ

سنوار تو میرا ظاہر اور باطن اور پاک کر

قَلْبِیْ مِنَ الْحِقْدِ وَالْحَسَدِ وَلَا

دل میرا کینے اور بدخواہی سے اور نہ کر تو

تَجْعَلْ عَلَیَّ تَبَاعَةً لِاَحَدٍ (ه) اَللّٰهُمَّ

مجھ پر تاوان کسی کا الٰہی

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْاَخْذَ بِاَحْسَنِ مَا تَعْلَمُ

میں مانگتا ہوں تجھ ہی سے توفیق بہترین ان چیزوں کی کہ جانتا

وَالتَّرْكَ لِسَیِّئِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ

ہے تو اور چھوڑ دینا ان سب برائیوں کا کہ جانتا ہے تو اور مانگتا ہوں

ه۔ حسد روایت میں ہے کہ ایکدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے فرمایا آپ نے ابھی ایک جوان بہشتی آئیگا اور اسوقت ایک جوان انصاری تشریف لائے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ سوائے نماز پنج وقتہ اور کسب حلال کے اور کوئی عبادت نہیں کرتا۔ حضرت عبداللہ نے ارشاد مبارک کے متعلق اس سے دریافت کیا تو اسنے کہا میرے میں صرف یہ عادت ہے کہ میں کبھی حسد نہیں کرتا۔ یہ سنکر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بہت روئے۔ ۱۲ حاشیہ دلائل

التَّكَفُّلَ بِالرِّزْقِ وَالزُّهْدَ فِي الْكَفَافِ

تجھ سے بھروسہ ساتھ تیرے روزی لینے کے اور زہد خرچ روزمرہ

وَالْمَخْرَجَ بِالْبَيَانِ مِنْ كُلِّ شُبْهَةٍ

میں اور نکلنا ہر شے سے بسبب ظاہر ہونے امر حق کے اور

وَالْفَلَجَ بِالصَّوَابِ فِي كُلِّ حُجَّةٍ

فتح مندی امر حق کی ہر حجت میں

وَالْعَدْلَ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَاءِ وَالتَّسْلِيمَ

اور میانہ روی غصے سے اور خوشنودی میں اور قبول کرنا

لِمَا يَجْرِي بِهِ الْقَضَاءُ وَالْاِقْتِصَادَ فِي

اس چیز کا کہ جاری ہوا ہے اس پر حکم تیرا اور

الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَالتَّوَاضُعَ فِي الْقَوْلِ

میانہ روی افلاس اور تونگری میں اور فروتنی بات کہنے میں اور

وَالْفِعْلِ وَالصِّدْقَ فِي الْجِدِّ وَالْهَزْلِ

اور کام کرنے میں اور راستی ہر تحقیق کی بات اور مزاح کی بات میں

(۲) اَللّٰهُمَّ اِنَّ لِيْ ذُنُوْبًا فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ

الٰہی میرے بہت ایسے گناہ ہیں جو درمیان میرے اور تیرے ہیں

وَذُنُوْبًا فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَلْقِكَ (۷)

اور بہت ایسے گناہ ہیں جو درمیان میرے اور درمیان تیرے مخلوق کے ہیں

اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ لَكَ مِنْهَا فَاغْفِرْهُ

پس اے خداوند جو گناہ تیرا ہو ان گناہوں سے پس بخشدے تو اسکو

وَمَا كَانَ مِنْهَا لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ عَنِّيْ

اور جو گناہ ہو ان گناہوں سے تیری مخلوق کا پس اٹھالے تو اسکو مجھ سے

وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ

اور بے پرواہ کردے تو مجھے اپنے فضل سے بے شک تو ہی بہت بخشش کرنیوالا

(۸) اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِيْ وَاسْتَعْمِلْ

الٰہی روشن کردے علم سے دل میرا اور کام میں لا اپنی طاعت

بِطَاعَتِكَ بَدَنِيْ وَخَلِّصْ مِنَ

کے بدن میرا اور خالص کردے سب فتنوں

الْفِتَنِ سِرِّيْ وَاشْغَلْ بِالْاِعْتِبَارِ

سے باطن میرا اور مشغول کردے عبرت پکڑنے میں

فِكْرِيْ وَقِنِيْ شَرَّ وَسَاوِسِ الشَّيْطٰنِ

فکر میری اور بچا مجھے بدی سے وسوسوں شیطان کے

ھ۔ فرمایا حضرت شیخ نے جو شخص اس درود کو آخر تک یعنی علی سلطان

تک سنے برتن پر لکھ کر آب زم زم یا مینہ کے پانی سے یا آب جاری

سے دھوکے پیے تو وساوس شیطانی اس سے دفع ہوں۔ ۱۲

وَاَجِرْنِیْ مِنْهُ یَا رَحْمٰنُ حَتّٰی. لَا

اور پناہ دے تو مجھے اس سے اے بڑے مہربان تاکہ نہ ہووے

یَکُوْنَ لَهٗ عَلَیَّ سُلْطَانٌ (۹) اَللّٰهُمَّ

اس شیطان کا مجھ پر زور الٰہی

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ

میں مانگتا ہوں تجھ ہی سے بھلائی اس چیز کی کہ تو جانتا ہے اور پناہ مانگتا

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ

ہوں تجھ سے برائی سے اس چیز کی کہ تو جانتا ہے اور بخشش چاہتا ہوں

مِنْ كُلِّ مَا تَعْلَمُ اِنَّكَ تَعْلَمُ

تجھ سے ان سب چیزوں سے کہ جانتا ہے بے شک تو ہی جانتا ہے

۹۔ کہا ہے کہ یہ دعا ایک حصن ہے حصون اللہ میں سے۔ اگر کوئی شخص اسکا ورد رکھے تو وہ ہر قسم کے اثرات سحر و جن و شیاطین اور ہر قسم کے امراض وبائیہ سے مصئون و مامون ہو جاتا ہے اسکے ورد کا طریقہ یہ ہے۔ سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی چاروں قل ایک ایک بار پڑھے اور بعد میں اللھم انی اسئلک سے اجلی معافی تک ایک بار پڑھ کر پہلے سیدھی طرف اپنے دم کرے اسی طرح پانچوں جہات پر پڑھ کر دم کرے اور اگر ہمیشہ ورد رکھے تو جملہ بلیات سے محفوظ رہے گا۔ ۱۲ مفتاح۔

وَلَا نَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ (۱۰) اَللّٰهُمَّ

حالانکہ ہم نہیں جانتے اور تو بڑا جاننے والا ہے چھپی چیزوں کا الٰہی

ارْحَمْنِیْ مِنْ زَمَانِیْ هٰذَا وَ

نگاہ رکھ مجھے میرے اس زمانے سے اور

اِحْلَاقِ الْفِتَنِ وَتَطَاوُلِ اَهْلِ

فتنوں کے اور ظلم سے دلیروں کے

الْجُرْاَةِ عَلَیَّ وَاسْتِضْعَافِهِمْ اِیَّایَ

مجھ پر اور کمزور سمجھنے سے ان لوگوں کے مجھ کو

(۱۱) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْكَ فِیْ

الٰہی کر دے تو مجھے اپنی طرف سے پناہ

عِیَاذٍ مَّنِیْعٍ وَّحِرْزٍ حَصِیْنٍ مِّنْ

اسوار میں اور قلعے محفوظ میں اپنی

جَمِیْعِ خَلْقِكَ حَتّٰی تُبَلِّغَنِیْ اَجَلِیْ

ساری مخلوق سے یہاں تک کہ پہنچائے تو مجھ کو میری موت کی

مُعَافًی

مدت تک

اَلْحِزْبُ الثَّانِیْ مِنَ الْاَحْزَابِ السَّبْعَۃِ

دوسرا حزب سات حزبوں میں سے

(۱۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے حضرت محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

اور آل پر سردار ہمارے محمد کے بشمار ان کے

۱؎ روایت میں ہے کہ ایک دن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین میں بیٹھے تھے کہ ایک اجنبی شخص آیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اپنے اور حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھالیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم تعجب کرنے لگے اور بعض کو خیال ہوا کہ شاید یہ جوان حضرت خضر علیہ السلام ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ کہ یہ شخص مجھ پر اس کثرت سے درود بھیجتا ہے کہ دوسرا کوئی شخص نہیں بھیجتا۔ پھر آپ نے فرمایا۔ یہ شخص رات بھر صلوٰۃ خمسہ ہمارے پر بھیجا کرتا ہے اور اس میں کبھی ناغہ نہیں کرتا۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ یہ صلوٰۃ خمسہ رویت جناب اقدس علیہ السلام کے لیئے نہایت مؤثر ہے۔ بعد نماز عشاء ۱۲ سو بار پڑھ لینا چاہیئے۔ ۳ یا ۷ جمعہ تک درد اس کا رکھنے سے اسکا قاری قرب حضور نبی علیہ السلام کے لائق بنجاتا ہے۔ ۱۲ مفتاح

صَلّٰی عَلَیْہِ (۱۳) وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ درود بھیجا انہوں نے آپ پر اور درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

محمد پر اور سردار ہمارے محمد کی آل پر بشمار

مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ (۱۴) وَصَلِّ عَلٰی

ان لوگوں کے کہ نہیں درود بھیجا انہوں نے ان پر اور درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

سردار ہمارے محمد پر اور سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِیْ الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ (۱۵) وَ

محمد کی آل پر جسطرح کہ چاہیئے درود بھیجنا ان پر اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

درود بھیج سردار ہمارے محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تَجِبُ الصَّلٰوۃُ

آل پر سردار ہمارے محمد کے جسطرح کہ واجب ہے درود

عَلَیْہِ (۱) وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بھیجنا ان پر اور درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَ

اور آل پر سردار ہمارے محمد کے جسطرح کہ حکم کیا تو نے کہ

اَنْ یُّصَلِّیَ عَلَیْہِ (۲) وَصَلِّ عَلٰی

درود بھیجا جائے ان پر اور درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

سردار ہمارے محمد پر اور آل پر سردار ہمارے

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نُوْرُہٗ مِنْ نُوْرِ الْاَنْوَارِ

محمد کے وہ محمد کہ خود ان کا اصل ہے سب نوروں کا

وَاَشْرَقَ بِشُعَاعِ سِرِّہِ الْاَسْرَارُ (۳) اَللّٰھُمَّ

اور روشن ہو گئے آپ کے شعاع سر سے تمام اسرار الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

درود بھیج سردار ہمارے محمد پر اور آل

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ

پر سردار ہمارے محمد کے اور ان کی اہل بیت

الْاَبْرَارِ اَجْمَعِیْنَ (۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

پاک سب پر الٰہی درود بھیج

۱؎ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نازل ہوئی آیت فندع ابناءنا وابناءکم الخ تو بلایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کو اور فرمایا۔ اللّٰھم ھٰؤلاء اہل بیتی۔ کہ خداوندا یہ میرے اہل بیت ہیں۔ ۱۲

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ بَحْرِ

سردار ہمارے محمد پر اور ان کی آل پر جو دریا

اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ

ہیں تیرے نوروں کے اور کان ہیں تیرے رازوں کے اور زبان ہیں

حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَ

تیری وحدانیت کے حجت کی اور دولھا تیرے ملک کے اور

اِمَامِ حَضْرَتِكَ وَخَاتِمِ اَنْبِيَآئِكَ

پیشوا تیرے دربار کے اور ختم کرنیوالے تیرے انبیاء کے

صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَ

ایسا درود کہ ہمیشہ ہے تیرے ہمیشہ رہنے تک اور

تَبْقٰى بِبَقَآئِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ

باقی رہیگا تیری بقاء کے ایسا درود کہ خوش کرے تجھے

وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا اَرْحَمَ

اور خوش کرے ان کو اور خوش ہو جائے تو اسکے باعث ہم سے اے بڑے

ف ۱۔ امام حضرت یعنی جو کوئی تیری درگاہ میں پہنچتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ ہی سے پہنچتا ہے اور جس کو تیرا قرب حاصل ہوا ہے آنجناب ہی کی اطاعت و پیروی کا نتیجہ ہے۔ ۱۲

الرَّاحِمِيْنَ (۵) اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ

رحم والے سب رحم کرنیوالوں سے الٰہی پروردگار حلال

وَالْحَرَمِ وَرَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَ

اور حرام کے اور اے خداوندا مشعر حرام کے اور

رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ

اے خداوندا بیت الحرام کے اور اے خداوندا رکن

وَالْمَقَامِ اَبْلِغْ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اور مقام کے پہنچا ہمارے سردار اور ہمارے مولا حضرت محمدؐ کو

مِنَّا السَّلَامَ (۶) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارا سلام الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

ہمارے سردار اور ہمارے مولا محمدؐ پر جو سردار

ف۵۔ کہا ہے شیخ نے جو شخص صبح و شام گیارہ گیارہ بار اللّٰھم رب الحل تا سلام پڑھا کرتا ہے خاص اس کے لیے اللہ تعالےٰ ایک فرشتہ مقرر فرماتا ہے جو آنجناب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کرتا ہے کہ فلاں بن فلاں نے آپ کو سلام عرض کیا ہے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ ۱۲ منتاح

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ (۷) اَللّٰهُمَّ

اگلوں اور پچھلوں کے ہیں الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج سردار ہمارے اور ہمارے مولا حضرت محمد پر

فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ (۸) اَللّٰهُمَّ

ہر وقت اور ہر زمانے میں الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج ہمارے سردار اور ہمارے مولا حضرت محمد پر

فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

درمیان گروہ بلند تر فرشتوں کے قیامت کے دن تک

(۹) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود بھیج ہمارے سردار اور ہمارے مولا

مُحَمَّدٍ حَتّٰى تَرِثَ الْاَرْضَ

حضرت محمد پر یہاں تک کہ وارث ہو تو زمین کا

وَمَنْ عَلَيْهَا وَاَنْتَ خَيْرُ

جو اس پر ہے اور تو ہی اچھا ہے

الْوَارِثِيْنَ

سب وارثوں کا

(۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج ہمارے سردار محمد پر

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

جو ایسے نبی ہیں کہ پڑھے نہیں کسی سے اور آل پر سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد کے جسطرح درود بھیجا تو نے ہمارے سردار

اِبْرَاھِیْمَ وَاِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (۱۱) وَ

ابراہیم پر تو ہی ہے سراہا گیا بزرگی والا اور

بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

برکت بھیج سردار ہمارے محمد پر

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

جو نبی اُمّی ہیں جس طرح برکت نازل

ط۔ رویت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے یہ درود شریف بالغ الاثر ہے سالک کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء اکتالیس بار اکتالیس یوم تک پڑھ کر سویا کرے اور مداومت اسکی باعث خیر و برکت و سعادت دارین ہے۔ ۱۲ مفتاح

ط۔ نبی مشتق ہے نباء بمعنی خبر سے المخبر عن الغیب (المجتبد) نبی غیب کی خبر دینے والے ہیں یا نبوۃ سے ہے یعنی بلند مرتبے والے۔ اور آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہر سالک کا وسیلہ ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

کی تو نے سردار ہمارے ابراہیم پر تو ہی ہے سراہا گیا بزرگی والا

ط (۱۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

اور آل پر سردار ہمارے محمد کے بشمار اس کے کہ

اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ

گھیرا اسے تیرے علم نے اور بشمار اس کے لکھا اسکو تیرے قلم

وَسَبَقَتْ بِهٖ مَشِيْئَتُكَ وَصَلَّتْ

نے اور بشمار اس کے کہ پہلے ہو چکا ساتھ اس کے ارادہ تیرا اور بشمار

عَلَيْهِ مَلٰٓئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اس کے کہ درود بھیجا اس پر تیرے فرشتوں نے ایسا درود کہ ہمیشہ رہنے

بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ

والا ہو ساتھ ہمیشہ رہنے تیرے کے باقی ہے تیرے فضل اور تیرے احسان

اِلٰى اَبَدِ الْاٰبِدِيْنَ اَبَدًا لَّا نِهَايَةَ

سے ابد الاباد تک کہ نہ ہووے نہایت اسکی

ط۔ یہ درود شریف کثیر الفوائد ہے۔ ۱۲ بار روزانہ ورد رکھنے سے خیر و برکت اور سعادت کا موجب ہے اگر بکھرے کر مریض کو پلایا جائے تو شفا ہو۔ ۱۲

لَا اَبَدِیَّتَہٗ وَلَا فَنَآءَ لِدَیْمُوْمِیَّتِہٖ

ہمیشگی کی اور نہ فنا ہو ہے اس کے ہمیشہ رہنے کی

(۱۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد پر اور آل پر سردار ہمارے محمد کے

عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ وَ

بشمار اس کے کہ گھیرا اسکو تیرے علم نے اور

اَحْصَاہُ کِتَابُکَ وَشَھِدَتْ بِہٖ

ضبط کیا اسکو تیری کتاب نے اور گواہی دی ساتھ اس کے

مَلٰٓئِکَتُکَ وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِہٖ

تیرے فرشتوں نے اور راضی ہو تو ان کے سب یاروں سے

وَارْحَمْ اُمَّتَہٗ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور رحمت کر ان کی امت پر تو ہی ہے سراہا گیا بزرگی والا

(۱۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

محمد پر اور آل پر سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا

محمد کے اور سب یاروں پر سردار

مُحَمَّدٍ (۱۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

ہمارے محمد کے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

سردار ہمارے محمد پر اور آل پر سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد کے جسطرح درود بھیجا تونے سردار ہمارے

اِبْرَاھِیْمَ (۱) وَبَارِکْ اَللّٰھُمَّ عَلٰی

ابراہیم پر اور برکت نازل فرما الٰہی سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہمارے محمد پر اور آل پر سردار

مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہمارے محمد کے جسطرح برکت نازل کی تونے سردار ہمارے

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ

ابراہیم پر اور آل پر سردار ہمارے ابراہیم کے

فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

درمیان تمام عالم کے تو ہی ہے سراہا گیا بزرگی والا

(۲) ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اللھم درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

ط۔ بعض نسخوں میں یہ کلمات بھی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ بِخُشُوْعِ الْقَلْبِ عِنْدَ السُّجُوْدِ لَكَ يَا سَيِّدِيْ بِغَيْرِ جُحُوْدٍ وَبِكَ يَا اَللّٰهُ يَا جَلِيْلُ فَلَا شَيْءَ يُدَانِيْكَ فِيْ غَلِيْظِ الْعُهُوْدِ وَبِكُرْسِيِّكَ الْمُكَلَّلِ بِالنُّوْرِ اِلٰى عَرْشِكَ الْعَظِيْمِ الْمَجِيْدِ وَبِمَا كَانَ تَحْتَ عَرْشِكَ حَقًّا قَبْلَ اَنْ تَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَصَوْتَ الرُّعُوْدِ لَكَ اِذْ كُنْتَ مِثْلَ مَا لَمْ تَنْزِلْ قَطُّ اِلٰهًا عُرِفْتَ بِالتَّوْحِيْدِ فَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ الْمَحْبُوْبِيْنَ الْمُقَرَّبِيْنَ الْعَاشِقِيْنَ لَكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔ کہا شیخ نے کہ اس دعا کو وقت خوف اور مصیبت کے تین بار پڑھے۔ ۱۲

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ

محمد پر بشمار اس کے کہ گھیرا اسے تیرے علم نے

(۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحْصَاهُ كِتَابُكَ

محمد پر بشمار اس کے کہ ضبط کیا اسکو تیری کتاب نے

(۴) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا نَفَذَتْ بِهٖ قُدْرَتُكَ

محمد پر بشمار اس کے کہ جاری ہوئی ساتھ اسکے قدرت تیری

(۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَصَّصْتَهٗ اِرَادَتُكَ

محمد پر بشمار اس کے کہ خاص کیا ہے آنحضرت کو تیرے ارادے

(۶) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

نے الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَوَجَّهَ اِلَيْهِ اَمْرُكَ

محمد پر بشمار اس کے کہ متوجہ ہوا انکی طرف امر تیرا

وَنَهْيِكَ (۷) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور تیری نہی الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهُ سَمْعُكَ

اور مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ پہنچ گئی ہے اس تک شنوائی

(۸) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

تیری الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ بَصَرُكَ

حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ گھیرا اسے تیری بینائی نے

(۹) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود نازل فرما سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ یاد کیا ان کو یاد کرنے والوں نے

ف۱ - عدد ذکرہ - ایک بزرگ ابوالحسن نے خواب میں دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ اکیا بدلا دیا گیا امام شافعی کو کہ انہوں نے کتاب رسالت میں لکھا ہے۔ صلی اللہ علی محمد کلما ذکرہ الذاکرون وغفل عن ذکرہ الغافلون۔ فرمایا آپ نے بدلا دیا گیا ہماری طرف سے اسکو یہ کہ حساب کے واسطے نہ کھڑا کیا جاویگا۔ واضح ہو کہ کثرت ذکر علامت غلبہ محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ موافق من احب شیئا اکثر ذکرہ کے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جب ایک شخص مشغول ذکر میں مشغول رہے گا تو آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم بھی کہ متعلق باخلاق اللہ ہیں۔ بحکم فاذکرونی اذکرکم۔ اپنے ذاکر کو ضرور یاد فرماویں گے۔ ۱۲

(۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا غَفَلَ

الٰہی درود نازل فرما سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ

عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ (۱۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

غافل ہمارے ان کے ذکر سے غفلت کرنیوالے الٰہی درود نازل فرما سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ (۱۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

حضرت محمد پر بشمار قطروں بارش کے الٰہی درود نازل فرما سردار ہمارے اور

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ (۱۳) اَللّٰھُمَّ

مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار پتوں درختوں کے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

درود نازل فرما سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار

دَوَابِّ الْقِفَارِ (۱۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

جانوروں جنگل کے الٰہی درود نازل فرما سردار ہمارے

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ دَوَابِّ

اور مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار جانوروں

الْبِحَارِ (۱۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

دریاؤں کے الٰہی درود نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر

عَدَدَ مِيَاهِ الْبِحَارِ (۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بشمار پانی دریاؤں کے الٰہی درود

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر بشمار

مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَضَاءَ عَلَيْهِ

اس کے کہ اندھیری ہوئی اس پر رات اور چمکا اس

النَّهَارُ (۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر دن الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ

اور مولا ہمارے حضرت محمد پر صبح اور شام کے وقت

(۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّمَالِ (۴) اَللّٰهُمَّ

حضرت محمد پر بشمار ریتوں کے الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر

ف۱۔ غدو الاصال غدو طلوع فجر اور طلوع آفتاب کے درمیانی وقت کو کہتے ہیں اور اصال بمعنی عشی عصر و مغرب درمیانی وقت کا نام ہے۔

عَدَدَ النِّسَآءِ وَالرِّجَالِ (۵) اَللّٰھُمَّ

بشمار عورتوں اور مردوں کے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے حضرت محمد پر

رِضَآءَ نَفْسِكَ (۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

باندازہ خوشی اپنی ذات کے الٰہی درود

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِّدَادَ

بھیج سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر بمقدار

كَلِمَاتِكَ (۷) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

کلام اپنے کے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ

سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر باندازہ پری اپنے آسمانوں

وَاَرْضِكَ (۸) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

اور زمین کے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ زِنَةَ

سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر برابر وزن

عَرْشِكَ (۹) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

عرش اپنے کے الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر بشمار

مَخْلُوْقَاتِكَ (۱۰) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

مخلوقات اپنی کے الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ

سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر بہترین درودوں

صَلَوَاتِكَ (۱۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سے اپنے الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا نَبِيِّ الرَّحْمَةِ (۱۲) اَللّٰهُمَّ

سردار ہمارے نبی صاحب رحمت پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا شَفِيْعِ الْاُمَّةِ (۱۳)

درود بھیج سردار ہمارے امت کی شفاعت کرنے والے پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا كَاشِفِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے دکھ کے دور

ف۱۔ صلوٰۃ اصل میں بمعنی دعا ہے اور صلوٰۃ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی طرف سے وہ ہے کہ جو اس پر مترتب ہو رحمت اور برکت اور مغفرت اور جمع کرنا اس کا واسطے تنبیہ کے اوپر کثرت انواع اس کے کے۔ ۱۲ مظہری

الْغُمَّةِ (۱۴) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کرنے والے پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُجْلِي الظُّلْمَةِ (۱۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کفر کی تاریکی دور کرنے والے پر الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا مُوْلِي النِّعْمَةِ (۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سردار ہمارے نعمت کے دینے والے پر الٰہی درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُؤْتِي الرَّحْمَةِ (۲) اَللّٰهُمَّ

بھیج سردار ہمارے رحمت دینے والے پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْحَوْضِ

درود بھیج سردار ہمارے صاحب حوض کوثر پر

الْمَوْرُوْدِ (۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کہ جس پر ساری امت اتریگی الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ (۴) اَللّٰهُمَّ

صاحب مقام محمود پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ اللِّوَاءِ

درود بھیج سردار ہمارے پر جو صاحب ہیں لواے حمد کے جو بھی کھولا

الْمَعْقُوْدِ (۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پہنیں گیا الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْمَكَانِ الْمَشْهُوْدِ (٦) اَللّٰهُمَّ

صاحب مکان پر کہ آپ حاضر کئے گئے وہاں معراج کی رات میں الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمَوْصُوْفِ بِالْكَرَمِ

درود بھیج سردار ہمارے کو تعریف کئے گئے ہیں ساتھ کرم

وَالْجُوْدِ (٧) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ

اور بخشش کے الٰہی درود بھیج ان پر جن کا نام آسمان

فِي السَّمَآءِ سَيِّدُنَا مَحْمُوْدٌ وَّفِي

میں سردار ہمارے محمود ہے اور

الْاَرْضِ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ (٨) اَللّٰهُمَّ

زمین میں سردار ہمارے محمد ہے الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ السِّمَةِ

درود بھیج سردار ہمارے صاحب نشانی مہر نبوت پر

(٩) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

الْعَلَامَةِ (١٠) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

علامت نبوت پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر

الْمَوْصُوْفِ بِالْكَرَامَةِ (١١) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جو تعریف کئے گئے ہیں ساتھ بزرگی کے الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا الْمَخْصُوْصِ بِالزَّعَامَةِ

سردار ہمارے پر کہ جو خاص کئے گئے ہیں ساتھ ریاست کے

(۱۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ سایہ

کَانَ تُظِلُّهُ الْغَمَامَةُ (۱۳) اَللّٰھُمَّ

کرتی تھی جن پر بدلی الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ کَانَ یَرٰی

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ دیکھتے تھے اپنے پیچھے

مَنْ[ط] خَلْفَهٗ کَمَا یَرٰی مَنْ اَمَامَهٗ

کے لوگوں کو جسطرح دیکھتے تھے اپنے سامنے کے لوگوں کو

(۱۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الشَّفِیْعِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے اس شفاعت کرنے والے

الْمُشَفَّعِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ (۱۵) اَللّٰھُمَّ

پر جس کی شفاعت قبول ہے قیامت کے دن الٰہی

ط۔ حدیث شریف میں ہے کہ فرمایا سرور کائنات علیہ السلام نے ایکدن۔ اے لوگو میں تمہارے آگے ہوں سو نہ سبقت کر جاؤ تم لوگ مجھ سے رکوع اور سجود میں۔ اس واسطے کہ میں دیکھتا ہوں تم کو سامنے اپنے سے اور پیچھے اپنے سے۔ ۱۲۔ زرقانی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الضَّرَاعَةِ

درود بھیج سردار ہمارے پر جو عجز کرنیوالے ہیں تیری حضور میں

(۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

الشَّفَاعَةِ (۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

شفاعت پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْوَسِیْلَةِ (۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

صاحب وسیلہ پر الٰہی درود

عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْفَضِیْلَةِ (۴)

بھیج سردار ہمارے صاحب بزرگی پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الدَّرَجَةِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب مرتبہ

الرَّفِیْعَةِ (۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بلند پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْعِصَا وَةِ (۶) اَللّٰھُمَّ

صاحب عصا پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ

درود بھیج سردار ہمارے صاحب

النَّعْلَيْنِ (۶) (۷) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نعلین پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْحُجَّةِ (۸) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

صاحب دلیل قاطعہ پر الٰہی درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْبُرْهَانِ

سردار ہمارے صاحب دلیل روشن پر

(۹) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

۶۔ صاحب نعلین سید محمد مہدی مغربی مطالع المرات میں اور بعض اکابر محدثین لکھتے ہیں کہ تمثال و شبیہہ نعلین مبارک کے برکات و خواص بے شمار ہیں لہٰذا فرمایا شیخ نے کہ قاری کو چاہیئے کہ قرأت کیوقت تصور و خیال سے نعلین مبارک پر بوسہ دے باعث خیر و برکت ہے چنانچہ اکثر محدثین نے لکھا ہے کہ جو شخص نقشہ نعلین شریف کا اپنے پاس رکھے تو بہت خیر و برکت پاوے اور تمام مخلوق اسکی عزت و حرمت کرے اور مال اسکا ضائع نہ ہو اور ہمیشہ وہ فتحیاب ہو اور جس کشتی میں رکھا ہو وہ غرق و ضرر سے محفوظ رہے۔ بزرگوں نے نعلین مبارک کی برکات پر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ جیسے۔ فتح المتعال فی مدح النعال۔ دیکھئے جواہر البحار وغیرہ۔

السُّلْطَانِ (۱۰) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

غلبہ پر الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا صَاحِبِ التَّاجِ (۱۱) اَللّٰهُمَّ

سردار ہمارے صاحب تاج پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْمِعْرَاجِ

درود بھیج سردار ہمارے صاحب معراج پر

(۱۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

الْقَضِيْبِ (۱۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

عصا پر الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا رَاكِبِ النَّجِيْبِ (۱۴) اَللّٰهُمَّ

سردار ہمارے اصیل اونٹنی کے سوار پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا رَاكِبِ الْبُرَاقِ

درود بھیج سردار ہمارے براق کے سوار پر

(۱۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُخْتَرِقِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے ساتوں آسمانوں کو

السَّبْعِ الطِّبَاقِ (۱۶) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

پھاڑ کر گزرنے والے پر الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا الشَّفِيعِ فِي جَمِيعِ الْأَنَامِ (۲) اَللّٰهُمَّ

سردار ہمارے تمام مخلوق کی شفاعت کرنے والے پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ سَبَّحَ فِي كَفِّهٖ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ تسبیح پڑھی ان کے ہاتھ میں

الطَّعَامُ (۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ

طعام نے الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ

بَكٰى اِلَيْهِ الْجِذْعُ وَحَنَّ لِفِرَاقِهٖ

رویا انکی طرف ستون خشک اور نالے کئے ان کی جدائی سے

۱۔ بخاری میں ابن مسعود سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کیساتھ کچھ طعام کھا رہے تھے ہم اس طعام کی تسبیح برابر سنتے تھے جبکہ سرور کائنات نے اپنے ہاتھ مبارک میں لیتے تھے ایسے ہی قاضی عیاض شفا میں لکھتے ہیں کہ سرور کائنات کی طبیعت ایسی ناساز تھی کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام چند انار و انگور لیکر تشریف فرما ہوئے آنجناب نے قدرے ان میں سے تناول فرمائے تھے اور وہ تسبیح پڑھتے یعنی سبحان اللہ کہتے تھے۔ ۱۲

۲۔ جذع بخاری شریف میں ہے کہ سرور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات جب خطبہ پڑھتے تو ایک ستون مسجد کے ساتھ تکیہ لگایا کرتے تھے بعد میں جب منبر تیار ہوا اور آنجناب منبر پر رونق افروز ہوئے اور خطبہ پڑھنا شروع کیا تو اس ستون خشک سے شور و پکار کی آواز بلند ہوئی اور اس سے چھلکے چھلکنے لگ گئے جس والہ محبت نے سرور کائنات کو بے اختیار کر دیا کہ آپ فوراً منبر سے نیچے اتر آئے اور اس عاشق زار کو اپنی چھاتی سے لگایا پھر آہستہ آہستہ اسکا شور تھمتا گیا۔ سبحان اللہ یہ ہے اثر عشق اور جذب محبت صادق حضرت حسن بصری رح اس واقعہ کو بیان فرمایا کرتے تھے اور روتے ہوئے فرمایا کرتے انسان کو خشک لکڑی سے کم نہ رہنا چاہیئے شفا میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ستون سے فرمایا کہ تو چاہے تو ہم اسی باغ میں تجھے لگا دیں جہاں تو پہلے تھا پھر تر ہو کر ہرا بھرا ہو جائے تجھے پھل لگیں گے اور چاہے تو تجھے جنت میں بوئیں کہ اولیاء اللہ تیرا پھل کھایا کریں گے اس نے کہا کہ

(۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ وسیلہ بنایا انکو

تَوَسَّلَ بِہٖ طَیْرُ الْفَلَاۃِ (۵) اَللّٰھُمَّ

جنگل کے پرندوں نے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ سَبَّحَتْ فِیْ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ تسبیح پڑھی ان کے ہاتھ میں

کَفِّہِ الْحَصَاۃُ (۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سنگریزوں نے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مَنْ تَشَفَّعَ اِلَیْہِ الظَّبْیُ

سردار ہمارے پر کہ طلب شفاعت کی ان سے ہرن نے

بِاَفْصَحِ کَلَامٍ (۷) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

فصیح بولی میں الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مَنْ کَلَّمَہُ الضَّبُّ فِیْ

سردار ہمارے پر کہ باتیں کیں ان سے سوسمار نے جہاں

مَجْلِسِہٖ مَعَ اَصْحَابِہِ الْاَعْلَامِ (۸)

آپ بیٹھے تھے ساتھ اپنے بزرگ اصحابوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْبَشِیْرِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے خوشخبری دینے والے

النَّذِیْرِ (۹) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

ڈرانے والے پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ (۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

چراغ روشن پر الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مَنْ شَکٰی اِلَیْہِ الْبَعِیْرُ (۱۱)

سردار ہمارے پر کہ شکایت کی ان سے اونٹ نے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ تَفَجَّرَ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ بہا انکی انگلیوں

مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِہِ الْمَآءُ النَّمِیْرُ

کے درمیان سے پانی صاف

۹۔ جنگ حدیبیہ میں پانی کی قلت سے جب صحابہ رضی اللہ عنہم پر تکلیف ہونے لگی تو آنجناب علیہ السلام نے وضو کرتے ہوئے پانی کے ظرف میں اپنا مبارک ہاتھ رکھدیا۔ قدرت خدا سے آپ کی پانچوں انگلیوں میں سے فوارے کی طرح پانی اُبل پڑا۔ تمام لشکر نے اپنی ضرورتوں کے موافق پانی جمع کر لیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس وقت ایک ہزار پانچسو آدمی تھے۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی فرماتے ہیں ؎

نور کے چشمے بہائیں، دریا بہیں۔ انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

(۱۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الطَّاھِرِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ جو پاک ہیں اور

الْمُطَھَّرِ (۱۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

پاک کیے گئے ہیں الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر

نُوْرِ الْاَنْوَارِ (۱۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

کہ نور ہیں سب نوروں کے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مَنِ انْشَقَّ لَہُ الْقَمَرُ (۱۵) اَللّٰھُمَّ

سردار ہمارے پر کہ دو ٹکڑے ہوا ان کے لیے چاند الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الطَّیِّبِ الْمُطَیَّبِ

درود بھیج سردار ہمارے پر جو پاک و پاکیزہ ہیں

(۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الرَّسُوْلِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ رسول مقرب بارگاہ

الْمُقَرَّبِ (۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کے ہیں الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر

الْفَجْرِ السَّاطِعِ (۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

کہ صبح ہیں روشنی پھیلانے والے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا النَّجْمِ الثَّاقِبِ (۴) اَللّٰھُمَّ

سردار ہمارے ستارہ چمکدار پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی

درود بھیج سردار ہمارے دستاویز محکم پر

(۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا نَذِیْرِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ ڈرانیوالے ہیں

اَھْلِ الْاَرْضِ (۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

اہل زمین کے الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا الشَّفِیْعِ یَوْمَ الْعَرْضِ (۷) اَللّٰھُمَّ

سردار ہمارے پر کہ شفیع ہیں پیش آنیوالے دن کے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا السَّاقِیْ لِلنَّاسِ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ جام پلانے والے ہیں

مِنَ الْحَوْضِ (۸) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

لوگوں کو حوض کوثر سے الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ اللِّوَآءِ الْحَمْدِ

سردار ہمارے صاحب علم حمد پر

(۹) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْمُشَمِّرِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ آستین چڑھانے

عَنْ سَاعِدِ الْجِدِّ (۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

والے ہیں بازو کی کوشش سے الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا الْمُسْتَعْمِلِ فِیْ مَرْضَاتِكَ

سردار ہمارے پر کہ عمل کرنیوالے ہیں طلب خوشنودی

غَایَةَ الْجُهْدِ (۱۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

میں تیری اپنی طاقت کے ساتھ الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا النَّبِیِّ الْخَاتِمِ (۱۲) اَللّٰهُمَّ

سردار ہمارے نبوت کے ختم کرنیوالے پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الرَّسُوْلِ الْخَاتِمِ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ رسول ہیں آخر رسولوں کے

(۱۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْمُصْطَفٰی

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے برگزیدہ پر

الْقَائِمِ (۱۴) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ تمام ہیں تیری فرمانبرداری میں الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

رَسُوْلِكَ اَبِی الْقَاسِمِ (۱۵) اَللّٰهُمَّ

اپنے رسول ابی القاسم پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْاٰیَاتِ

درود بھیج سردار ہمارے صاحب نشانیوں نبوت کے ہیں

(۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

اَلدَّلَالَاتِ (۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

رہنمائیوں پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

صَاحِبِ الْاِشَارَاتِ (۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

صاحب اشارات پر الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْکَرَامَاتِ

سردار ہمارے پر جو صاحب کرامات ہیں

(۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے صاحب

الْعَلَامَاتِ (۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

علامتوں نبوت کے ہیں الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْبَیِّنَاتِ (۶) اَللّٰھُمَّ

سردار ہمارے صاحب دلیلوں روشن پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ [۱]

درود بھیج سردار ہمارے صاحب معجزات پر

۱۔ فرمایا حضرت شیخ نے معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کے چار ہزار پچاس ہیں؛

(۷) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کر

صَاحِبِ الْخَوَارِقِ الْعَادَاتِ (۸)

صاحب ہیں ان افعال کے جو خلاف عادت ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کر

سَلَّمَتْ عَلَیْہِ الْاَحْجَارُ (۹) اَللّٰھُمَّ

سلام کیا ان پر پتھروں نے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مَنْ سَجَدَتْ ۲۱

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ سجدہ کیا

ف ۲۱ سَلَّمَتْ و سَجَدَتْ۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں ہم چلے جا رہے تھے کہ ایک اعرابی سامنے آیا۔ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے اعرابی تو خدا تعالیٰ کی وحدانیت و محمد کی رسالت پر گواہی دیتا ہے۔ اعرابی نے کہا۔ اس دعوے کی کوئی تصدیق بھی کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ درخت۔ پھر آپ نے اس درخت کی طرف اشارہ کیا۔ اس نے باآواز بلند تین مرتبہ کلمہ شہادت کو پڑھ کر سنایا اور پھر سجدہ کر کے واپس اپنی جگہ پر آ گیا۔ ۱۲ حاشیہ دلائل۔

بَيْنَ يَدَيْهِ الْأَشْجَارُ (۱۰) اَللّٰهُمَّ

ان کے سامنے درختوں نے الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ تَفَتَّقَتْ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ نکلے ہیں

مِنْ نُوْرِهِ الْأَزْهَارُ (۱۱) اَللّٰهُمَّ

ان کے نور سے شگوفے الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ طَابَتْ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ پکے ان کی

بِبَرَكَتِهِ الثِّمَارُ (۱۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

برکت سے پھل الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا مَنْ اخْضَرَّتْ مِنْ

سردار ہمارے پر کہ سبز ہوئے ان کے وضو کے بچے ہوئے

۱۰۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو یا اسکی اولاد زندہ نہیں رہتی اور وہ کہ بچہ ہونے کے بعد اس کا دودھ خشک ہو جاتا ہے وہ خود اس درود معظم اور اس کے اوپر والے درود کو روزانہ چند مرتبہ پڑھا کرے اور پھر پانی پر دم کر کے اسے پی لے یا لکھ کر اسے پلائے۔ بفضلہ مقصود حاصل ہوگا۔ ۱۲ مفتاح

بَقِيَّةِ وَضُوْئِهِ الْاَشْجَارُ (۱۳) اَللّٰهُمَّ

پانی سے سب درخت الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ فَاضَتْ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ ظاہر ہوئے ان

مِنْ نُوْرِهٖ جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ (۱۴) اَللّٰهُمَّ

کے نور سے سب نور الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ بِالصَّلٰوةِ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ ان پر درود بھیجنے

عَلَيْهِ تُحَطُّ الْاَوْزَارُ (۱۵) اَللّٰهُمَّ

سے جھڑ جاتے ہیں تمام گناہ الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ بِالصَّلٰوةِ

درود بھیج سردار ہمارے پر کہ ان پر درود بھیجنے

عَلَيْهِ تُنَالُ مَنَازِلُ الْاَبْرَارِ (۱)

سے پائے جاتے ہیں مرتبے نیکوکاروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَنْ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر کہ ان پر درود

بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ يُرْحَمُ الْكِبَارُ وَ

بھیجنے سے بخشے جاتے ہیں سب بڑے اور

الصِّغَارُ (۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

چھوٹے الٰہی درود بھیج سردار

سَیِّدِنَا مَنْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ نَتَنَعَّمُ

ہمارے پر کہ ان پر درود بھیجنے سے بہرہ ور ہوتے ہیں ہم

فِیْ ھٰذِہِ الدَّارِ وَفِیْ تِلْکَ

لوگ اس عالم دنیا میں اور اس عالم آخرت

الدَّارِ (۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

میں الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مَنْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ تُنَالُ

سردار ہمارے پر کہ ان پر درود بھیجنے سے حاصل ہوتی ہے

رَحْمَۃُ الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ (۴) اَللّٰھُمَّ

رحمت خدائے غالب بخشنے والے کی الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْمَنْصُوْرِ الْمُؤَیَّدِ

درود بھیج سردار ہمارے مدد دیئے گئے قوت دیئے گئے

(۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا الْمُخْتَارِ

پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے برگزیدہ

الْمُمَجَّدِ (۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

بزرگی دیئے ہوئے پر الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ (۷)

سردار ہمارے اور مولا ہمارے محمد پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے پر

مَنْ كَانَ اِذَا مَشٰى فِي

کہ جب وہ چلتے تھے خالی میدان میں

الْبَرِّ الْاَقْفَرِ تَعَلَّقَتِ الْوُحُوْشُ

تو لپٹ جاتے تھے جانوران وحشی ان

بِاَذْيَالِهٖ (۸) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کے دامنوں سے الٰہی درود بھیج

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

آنحضرت پر اور انکی آل پر اور انکے یاروں پر

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ

اور سلام بھیج سلام کامل اور سب تعریف

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (۹)

اللہ کے لیے ہے جو پالنے والا ہے تمام عالم کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حِلْمِهٖ بَعْدَ

سب تعریف اللہ کو ہے اس کے حلم پر بعد اس کے

ابتدء الربع الثانی من الحمد لله علی جلیله

بِعِلْمِكَ وَعَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ

جان لینے کے اور اس کے معاف کر دینے پر بعد اس کے قادر ہونے کے

(۱۰) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ

الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے

الْفَقْرِ اِلَّا اِلَيْكَ وَمِنَ الذُّلِّ

محتاجی سے مگر تیری ہی طرف اور خواری سے

اِلَّا لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ

مگر تیرے ہی واسطے اور کسی سے ڈرنے سے مگر تجھی سے

وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَقُوْلَ زُوْرًا

اور پناہ مانگتا ہوں تجھی سے اس امر کی کہ کہوں میں

ف۱۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم جناب اقدس کے ہمراہ جا رہے تھے کہ ہمارا گزر ایک درخت پر ہوا۔ اس پر چڑیا کا ایک گھونسلا تھا اور اس میں اس کے دو بچے تھے ہم میں سے کسی نے ان بچوں کو پکڑ لیا۔ چڑیا بے اختیار ہوتے آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آ پہنچی۔ اور پر اثر لہجہ میں کچھ عرض کی۔ آنجناب نے صحابہ رضی اللہ عنہ کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔ کس شخص نے اس غریب چڑیا کو رنج پہنچایا ہے۔ پھر ارشاد ہوا۔ اس کے بچے وہیں اس کے مکان میں پہنچا دو۔ ۱۲ حاشیہ دلائل

أَوْ آغْشٰى فُجُوْرًا أَوْ أَكُوْنَ بِكَ

جھوٹ یا کر آؤں میں بدکاری کو یا یہ کہ ہر جاؤں بسبب تیرے

مَغْرُوْرًا وَّأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَمَاتَةِ

کرم کے فریب دیا گیا اور پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے دشمنوں

الْأَعْدَاءِ وَعُضَالِ الدَّاءِ وَ

کی خوشی سے اور سخت بیماری سے اور نہ پانے

خَيْبَةِ الرَّجَاءِ وَزَوَالِ النِّعْمَةِ وَ

سے امید کے اور جاتے رہنے سے نعمت کے اور

فُجَاءَةِ النِّقْمَةِ (۱۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اچانک آ جانے سے عذاب کے الٰہی درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ عَلَيْهِ

بھیج سردار ہمارے محمد پر اور سلام بھیج ان پر

وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ أَهْلُهٗ حَبِيْبَكَ

اور جزا دے انکو ہماری طرف سے کہ لائق اسکے ہو اور وہ دوست

(ثَلٰثًا) (۱۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیرے ہیں (تین بار پڑھے) الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

۱۲ ۔ اس درود شریف اور اس کے بعد کے درود کو تین بار پڑھے اسیطرح جہاں لفظ ثلثا لکھا ہو اس کے اوپر کہ کے درود کو تین بار پڑھے اور لفظ ثلثا کو نہ پڑھے اور لفظ حبیبک کی با ی ثانی اور خلیلک کے لام ثانی کو ضمہ اور کسرہ دونوں جائز ہیں ۱۲

اِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ

ابراہیم پر اور سلام بھیج ان پر اور جزا دے

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ خَلِيْلُكَ ثَلٰثًا

ان کو ہماری طرف سے جسکے وہ اہل ہیں اور تیرے دوست ہیں

(۱۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد پر اور آل پر سردار ہمارے محمد کے

كَمَا صَلَّيْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَبَارَكْتَ

جسطرح درود بھیجا تو نے اور مہربانی کی تو نے اور برکت نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ

کی تو نے سردار ہمارے ابراہیم پر تمام عالموں میں

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ

تو ہی ہے سراہا گیا بزرگی والا بشمار اپنی مخلوقات کے اور

رِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَ

خوشنودی اپنی ذات کے اور برابر وزن اپنے عرش کے اور

مِدَادَ كَلِمَاتِكَ (۱۴) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

برابر اپنی باتوں کے الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

سردار ہمارے محمد پر بشمار ان کے کہ

صَلّٰی عَلَیْہِ (۱۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

درود بھیجتے ہیں آپ پر الٰہی درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ

سردار ہمارے محمد پر بشمار اس کے کہ درود نہ بھیجا گیا

عَلَیْہِ (۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

آپ پر الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صُلِّیَ عَلَیْہِ (۲) اَللّٰھُمَّ

محمد پر بشمار اس کے درود بھیجا گیا آپ پر الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَضْعَافَ

درود بھیج سردار ہمارے محمد پر دوچند اس

مَا صُلِّیَ عَلَیْہِ (۳) اَللّٰھُمَّ صَلِّ

درود سے کہ بھیجا گیا ہے آپ پر الٰہی درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ

سردار ہمارے محمد پر جس درود کے وہ لائق ہیں

(۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ (۵) اَللّٰهُمَّ

جیسا کہ دوست رکھتا ہے تو اور راضی ہے تو واسطے آپکے الٰہی

صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج روح پاک پر سردار ہمارے محمد کے

فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي

درمیان روحوں کے اور آپکے جسم مبارک پر درمیان

الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ

جسموں کے اور آپکی قبر مطہر پر درمیان قبروں کے

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ (۶)

اور ان کی آل اور یاروں پر اور سلام بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

جبکہ یاد کریں آپ کو یاد کرنیوالے

(۷) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے

مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ

محمد پر جبکہ غافل ہوں آپ کے

ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۝ (۱) اَللّٰهُمَّ

ذکر سے غفلت کرنے والے الٰہی

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج اور سلام بھیج سردار ہمارے محمد پر

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ

کہ نبی صاحب الکتاب ہیں اور آپ کی بیبیوں پر کہ مائیں ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ

سب مسلمانوں کی اور آپ کی اولاد اور آپ کے اہل بیت پر

صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا

ایسا درود اور سلام کہ ضبط نہ ہو سکے گنتی ان دونوں کی

وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا (۹) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور نہ منقطع ہو زیادتی ان دونوں کی الٰہی درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

بھیج سردار ہمارے محمد پر بشمار اس کے کہ گھیرا

ف ماہین ناکہانی روایت کی ہے کہ جو ہر شب اللھم صلی علی روح سیدنا سے غافلون تک ستر بار پڑھے زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں مشرف ہو۔ چاہیئے کہ وقت سونے کے پڑھے اور مستعد ہو جیسا کہ واسطے زیارت امراء وکیل کے ہوتا ہے حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ چالیس روز تک پڑھے ۱۲

أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ وَأَحْصَاهُ كِتَابُكَ

اے تیرے علم نے اور ضبط کیا اسکو تیری کتاب نے

صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهٖ

ایسا درود کہ ہو تیرے لیئے سبب خوشنودی کا اور اسکے حق کی

أَدَآءً وَّأَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

ادائی اور دے ان کو وسیلہ اور بزرگی

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ (۱۰) وَابْعَثْهُ

اور درجہ بلند اور اٹھا تو ان کو

اَللّٰهُمَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ

اے خداوند مقام محمود ہیں جس کا وعدہ

وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ

کیا تو نے ان سے اور جزا دے تو انکو ہماری طرف سے وہ

أَهْلُهٗ وَعَلٰى جَمِيْعِ إِخْوَانِهٖ مِنَ

جزا کہ لائق ان کو ہو اور رحمت بھیج ان کے سب بھائیوں پر

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ

کہ وہ نبیوں اور سچے لوگوں اور شہیدوں

وَالصَّالِحِيْنَ (۱۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور نیکوکاروں سے ہیں الٰہی درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمُنْزَلَ

سردار ہمارے محمد پر اور اتار ان کو ایسی منزل میں

الْمُقَرَّبَ[1] يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (۱۲) اَللّٰهُمَّ

کہ مقرب ہے قیامت کے دن الٰہی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ (۱۳)

درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

اَللّٰهُمَّ تَوِّجْهُ[2] بِتَاجِ الْعِزِّ وَالرِّضٰى

الٰہی پہنا ان کو تاج عزت اور خوشنودی اور

وَالْكَرَامَةِ (۱۴) اَللّٰهُمَّ اَعْطِ لِسَيِّدِنَا

بزرگی کا الٰہی تو سردار ہمارے

[1] المقرب بفتح راء کے مشدد اسم مفعول۔ یہ استاد مجازی ہے یعنی ایسی منزل کہ نزدیک کیا گیا ہے صاحب اسکا۔ روایت میں ہے کہ فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اپنے نزدیک کریگا مجھے خداوند تعالیٰ اور بٹھائیگا مجھے بعزت و تعظیم اور حدیث میں ہے کہ جو شخص ہمیشہ پڑھتا ہے اللّٰھم سے یوم القیمۃ تک اور اس کا ورد کرتا ہے تو واجب ہو جاتی ہے شفاعت اسکی میرے لیے۔

[2] توجہ الخ فرمایا ہے شیخ نے کہ اس درود شریف کو ہمیشہ ۴۱ بار ورد رکھنے سے عالم تسخیر کا اثر قائم ہو جاتا ہے۔ لوگوں کے دلوں میں عامل کی از حد عزت و منزلت پیدا ہوتی ہے اور وہ اس کے مطیع و فرمانبردار بنجاتے ہیں ۱۲

مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَاَلَكَ لِنَفْسِهٖ (۱۵/۱۵)

محمد کو بزرگ ترین ان چیزوں کا کہ سوال کیا آپنے تجھ سے اپنی ذات کیلئے

وَاَعْطِ لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا

اور دے ہمارے سردار محمد کو بزرگ ترین ان چیزوں کا کہ سوال

سَاَلَكَ لَهٗ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ (۱/۱)

کیا تجھ سے ان کا کسی نے تیری مخلوق سے

وَاَعْطِ لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا

اور دے سردار ہمارے محمد کو بزرگ ترین اس چیز کا کہ

اَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَّهٗ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

۲ سوال کیا گیا ہے تو واسطے اس کے قیامت کے دن تک

(۲) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج سردار ہمارے محمد پر

وَّسَیِّدِنَا اٰدَمَ وَسَیِّدِنَا نُوْحٍ وَّ

اور سردار ہمارے آدم پر اور سردار ہمارے نوح پر اور

۱ - واعظ شفائیں ہے کہ اس دعا کو وہب بن الورد پڑھا کرتے تھے ۱۲

---

۲ - فرمایا حضرت شیخ نے جو شخص اس درود کو تین بار پڑھے گویا اسنے تمام دلائل الخیرات پڑھی - مطالع المسرات ۱۲ ص ۲۶۰ -

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَسَيِّدِنَا مُوْسٰى وَ

سردار ہمارے ابراہیم پر اور سردار ہمارے موسیٰ پر اور

سَيِّدِنَا عِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ

سردار ہمارے عیسیٰ پر اور ان لوگوں پر جو درمیان

النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

ان کے ہیں تمامی انبیاء اور رسولوں سے درود اللہ کے

وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (۳) اَللّٰهُمَّ

اور سلام اسکا ان سب لوگوں پر الٰہی

صَلِّ عَلٰى اَبِيْنَا سَيِّدِنَا اٰدَمَ وَاُمِّنَا

درود بھیج سردار ہمارے باپ آدم پر اور ماں

سَيِّدَتِنَا حَوَّآءَ صَلٰوةً مَلْئِكَتِكَ وَ

سردار ہماری حوا پر مثل تیرے درود بھیجنے کے اپنے فرشتوں پر اور

اَعْطِهِمَا مِنَ الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا

دے ان دونوں کو خوشنودی یہانتک کہ خوش کرے تو ان دونوں کو

(۴) وَاجْزِهِمَا اَللّٰهُمَّ اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ

اور جزا دے ان دونوں کو الٰہی افضل اس سے کہ جزا دی تو نے

بِهٖ اَبًا وَّاُمًّا عَنْ وَّلَدَيْهِمَا (۵) اَللّٰهُمَّ

ساتھ اسکے باپ اور ماں کو دونوں بیٹوں سے ان دونوں کے الٰہی

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا جِبْرِیْلَ وَسَیِّدِنَا

درود بھیج سردار ہمارے جبرائیل پر اور سردار ہمارے

مِیْکَائِیْلَ وَسَیِّدِنَا اِسْرَافِیْلَ وَ

میکائیل پر اور سردار ہمارے اسرافیل پر اور

سَیِّدِنَا عِزْرَائِیْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ

سردار ہمارے عزرائیل پر اور عرش کے اٹھانیوالوں پر

وَعَلَی الْمَلٰٓئِکَةِ وَالْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی

